A Muslim also believes in Angels and Books of God as revealed to some of the above mentioned prophets. The Bible and Torah are such books. A Muslim believes in the Day of Judgement and in the life Hereafter. All the dead will be revived on the Day of Judgement. Islam insists upon belief on the life after death.

These beliefs, the foundation of a Muslim faith are mentioned in the Qur'an, the word of God, as revealed to Prophet Muhammad over a period of time:

- One-ness of Allah
- His Angels
- His Prophets
- His Books
- The Day of Judgement
- Life in the Hereafter.

Islam has prescribed the following religious duties for all Muslims. 1. SALAT 2. ROZAH 3. ZAKAT 4. HAJ.

SALAT [PRAYERS]

All Muslims must offer daily prayers called Salat. The prayers should be offered preferably in congregation in a local mosque close to one's residence or place of work. Salat should be offered five times a day. If prayers cannot be offered together with other Muslims at fixed times, then one has a choice to pray by one's self, at home or at place of work or wherever one happens to be at that time. And if one is too busy to do even this, then prayers can be combined.

Salat al Jum'a [Friday Prayers]

Once a week a special prayer is offered at mid day Friday. Muslims are encouraged to attend Friday prayers in larger numbers. The Salat is obligatory and must be offered even when one is sick or on the battlefield. A sick person, however, can offer his prayers lying in bed. Women are exempted from Salat when in period or when they have just given birth to a child.

Wud'hu [Ablution]

A pre-requisite for Salat is the cleansing of one's self called ablution. It consists of washing hands, face and feet.

Ghu'sal [Bath]

On other occassions like after coitus, or when there is dirt all over the body or blood smeared all over, a Muslim is obligated to cleanse his whole body. This is called *Ghusal*. Both *Ghusal and Wudhu* (Bath and Ablution) must be done in a prescribed manner.

The purpose is to set the person in proper spiritual frame of mind so that he or she does not offend or appear repulsive to others in a congregation. Since Salat is not a matter of merely satisfying the rituals it is important that a Muslim appears before God clean in his body and in the proper psychological frame of mind.

Not only the body but the clothes have to be clean too. Same goes for the environment where the prayers are being offered. The idea is to offer prayers in a clean environment with a clean mind and body.

ROZAH [FASTING]

Rozah or fasting is another form of observance ordained for the inner and spiritual cleansing. Rozah simply is abstaining from eating, drinking, smoking, sex etc. between sunrise and sunset for a period of one month in a year called the month of Ramadaan. During Ramadaan there is greater emphasis on purifying oneself and inculcating a habit of virtuous life which means constantly living in a state of prayers and abstaining from diversions that make life rather self indulging.

Excessive drinking, eating or indulging in the luxuries of life makes one insensitive to the needs and requirements of fellow human beings. Therefore, the idea is to train the Muslim to refrain from any self serving activities; and, to prepare them to reach out to the humanity at large to the point of self sacrifice.

One has to be kind, courteous, thoughtful, charitable and generous toward fellow human beings. Ramadaan is a month that provides an opportunity for such self training and disciplining.


ZAKAT [CAPITAL LEVY]

Zakat (Capital Levy) is another obligation for the Muslims. A certain percentage of a year's *savings* (not less than 2½ per cent) must be given to the needy, starting from your own kith and kin if they are deserving. Zakat money can also be given for a host of other causes, and is above and beyond the charity given voluntarily.

Everytime God has asked a Muslim to pray, He has invariably asked him to spend in the way of charity. On any occassion, when a prayer or obligation (except Salat) is violated, charity would compensate for it. The Qur'an while prescribing the minimum Levy encourages the faithful to share their wealth with others.

HAJ [Pilgrimage to Mecca]

Once in a lifetime all Muslims must make a pilgrimage to Mecca.



There, faithful from all over the world gather to pray with each other and invoke the Blessings of God. Haj is the high water mark of a Muslim's earthly existence and is a cherishable thought indeed.

MODUS VIVENDI

After defining the components of the faith and the obligatory religious duties, as detailed above, the Qur'an extends its regulatory injunctions to all the areas of human activities. There is a comprehensive list of do's and don'ts that practically regulate almost every eventuality and further provides a basis for regulating things that may yet happen in the future.

A code has thus been established with the Qur'anic sanctions that has been and will continue to govern the moral, social, cultural and economic fabric of the Muslim society. A muslim is therefore dutybound to uphold and practice to 'norms' in his day to day life.

To start with, a Muslim must be respectful to his parents and must treat them kindly especially when they reach old age. He must respect and uphold the right of others. He must practise honesty in commerce and trade and must help and assist the needy. He must be benevolent to orphans and must not usurp the social and economic rights of the weak, and the dependent.

A Muslim has been forbidden to drink alcohol, to eat pork, to avail of usury or any sort of financial exploitation. He has been directed to refrain from such social ills as having extra martial sex. Gambling and stealing is likewise prohibited. Allah abhors these misdeeds; therefore the servants of God must not go anywhere near them either.

BEHAVIOURAL CODE

In addition to the above the Qur'an has established a behavioural code. The social behaviour of an individual must conform to the Qur'an and the Prophet's Traditions and shall under no circumstances be contrary to the common good. In other words such matters as telling a lie, backbiting, spreading rumours, cheating, transgressing people's interest, not keeping promises, not working to earn a living for the family, disturbing the peace of the community and a host of other such behaviour patterns come under an unacceptable social norms of a Muslim society. Such behavioural codes have been further elucidated and expanded by the jurists and the theological experts, and most of the misdemeanors were declared as punishable crimes. Even when there is no Muslim state to police these matters there is always the vibrant society. A society with its moral, ethical, and legal value system asserts itself over its individual members who may have fallen over to waywardness. With the Qur'anic sanctions the community serves as a watchdog and keeps the herd in line.

FAMILY LIFE

Being a total way of life, Islam lays due emphasis on the family life. The family is considered the most important unit of the Muslim community and the Islamic State. Islam recognises that for the well being of the whole community, it is imperative that such family structure be devised as to achieve a dignified and honourable existence for the individual members of the society. Men and women regardless of their social status and independent of their relationship amongst themselves, are all equal in the eyes of God and enjoy equal rights in the polity of Islam. In an Islamic community which may exist anywhere in the world, the concept of the family structure remains Islamic and is not allowed to be guided by the local customs, traditions and practices.

MARRIAGE

In Islam, for the purpose of marriage, two consenting adults of the opposite sex are considered as free agents. They can enter into a social contract witnessed by at least two or three persons. This social contract is regarded as a 'strong covenant' yet it is not irrevocable. In the event of irreconcilable differences it can be terminated to the mutual satisfaction of the parties concerned. There are many Qur'anic injunctions and Prophet's traditions providing guidelines for a married life. It has been clearly stated, and duly emphasised that marriage is for the preservation and continuation of the human race and also to provide comfort to each other. It is also to safeguard and protect the human rights of the individual from sexual and economic exploitation. Marriage as a social contract also helps in regulating the social norms and in defining the duties and responsibilities and placing the individual roles and obligations in the proper perspective.

Islamic society does not allow for sex outside of marriage. It explicitly forbids intra, extra, pre or post martial sex even between consenting adults. It is a sin as well as a punishable crime. The idea behind this was to stop licentious behaviour and the sexual exploitation of the weak and the economically disadvantaged.

Once the marriage has been contracted, the contracting partners must obey and carry on their previously agreed upon roles and responsibilities. The Islamic ethical code requires that they be kind and merciful to each other. In case of severe incongruity they must separate for a while and try to reconcile before going ahead with a divorce.

DIVORCE

In law both men and women can divorce each other, although a man can do so on his own authority but a woman must seek divorce through a court. In a situation that leads to divorce, men have been told again and again not to transgress their limits and not to trample upon the rights of their spouses. The divorce itself should be just and equitable without hurting the other partner specially in financial matters.

A HAPPY MARRIAGE

A happy marriage is to enjoy each other company, to find mutual comfort and to raise a family in a manner that will bring forth good future citizens. It is obligatory upon a Muslim family to raise children with due care and to attend to their needs, health and education.


A Muslim family is not just "me and my wife and my children" — it spreads beyond that and must respond to the need and requirements of close relatives like parents, brothers, sisters, inlaws, etc.

POLYGAMY

The Muslims have long been chided by the West for having a provision of four wives. Without going into details it should be emphasised that this provision could be availed of only under certain circumstances; otherwise, the general practise has always been one for one. Similarly it has been alleged that divorcing a woman has been made too easy. This is not true either. A good upright Muslim would never divorce a woman merely at his whim. He has far too many Qur'anic injunctions to satisfy before he goes through with the divorce. As a matter of fact the Qur'anic laws and the Prophet's traditions put a great deal of emphasis on the institution of marriage and come up with a variety of advice on all facets of married life ranging from its sexual aspects to its social, economic and moral implications. It becomes obvious that a person who has been raised in a Muslim family environment cannot escape the conclusion that marriage is for keeps.

To sum up the portrait of a Muslim, the servant of God, it can be said that he is steadfast, upright, kind and considerate. As Dr. Muhammad Iqbal, the Poet of the East put it so aptly:

As is the hand of God, so the Believers hand
Potent, guided by craft, strong to create and rule
Fashioned of dust and of light, creature divine of soul
Careless of both the worlds beats his not humble heart.
Frugal of earthly hope, splendid of purpose, he earns
Friendship with courteous mien, wins every voice by his glance
Mild in social hour, swift in the hour of pursuit
Whether in feast or infray pure in conscience and deed. —



مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

بائیس سالہ پڑھی لکھی سُنی مسلمان لڑکی کے لیے ہم عمر لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ ٹیکنیکل کوالیفیکیشن والے پنجابی لڑکے کو ترجیح دی جائے گی۔ پاکستان سے لڑکے کو سپونسر کرنے کے بارے میں بھی غور کیا جا سکتا ہے۔
پہلے ہی خط میں تمام اہم تفصیلات اور تصویر روانہ کریں۔

IQBAL
C/O CRESCENT

●

شریف خوبصورت لڑکا عمر ۲۹ سال، سید، سُنی، تعلق یوپی، سکونت کراچی پاکستان تعلیم ایم اے کیلئے شمالی امریکہ یا برطانیہ میں مقیم لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ خواہشمند تصویر اور جملہ کوائف کے ساتھ ذیل کے پتہ پر رابطہ قائم کریں۔

Z. KHAN
2290 A, RUSSELL ROAD,
OTTAWA, ONT.
K1G-1B4 Canada

●

عمر ۲۷ سال ایک پاکستانی کنیڈین سُنی نوجوان مونٹریال میں رہتا ہے۔ ایسی پاکستانی یا کسی اور ملک کی لڑکی سے شادی کرنے کا خواہشمند ہے جو یہاں قانونی طور پر رہنا چاہتی ہو۔
فون: 1-514-525 9633
LOCAL 525 9633

●

ضرورت ہے

ایک کامیاب ٹریول ایجنسی میں کام کرنے کیلئے ایک نوجوان کی ضرورت ہے جو بات چیت کرنے اور اخلاقی طور پر بہتر ہو۔ تجربہ ضروری نہیں
مزید معلومات کیلئے فون کیجئے
(416) 465-5412

●

سلائی

مردانہ و زنانہ کپڑے شلوار سوٹ آپکی پسند کے مطابق آپ کو تیار مل سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ غرارہ سوٹ اور بچوں کیلئے شیروانی اور دیگر کپڑے تیار شدہ یا آپکی پسند کے مطابق بنائے جا سکتے ہیں۔
فون کیجئے
(416) 638-5582

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جسکی پیشگی ادائی ضروری ہے)

ان بے پناہ بالوں میں جن میں آج کے دن تک ابھی مہربان کرن نہیں چمکی تھی ـــ جو کے نصیبوں ہی کی طرح کالے تھے۔ وہی پناہ بال کھول بکھرا دیے کہ سر ذرا ہلکا ہو۔ جس صبح صنوبر نے عود اور عنبر انگاروں پر ڈال کر ٹوکری پر رکھوا کر بال خوشبو سے بسانے ... ٹوکری کو تکیہ بنا کر لیٹ کر وہ بچپن اپنے بال اسی طرح سکھاتے اور خوشبو سے ... کی عادی تھیں ـــ اب خوشبوؤں میں کا احساس تو کب سے مر گیا تھا، ہاں کبھی کبھی جلد بال سکھانے ہوتے کہ ایسے کے مارے ... وغیرہ نہ ہو جائے تو وہ ٹوکری سر کے لے لیتیں۔ آج بھی خوشبوؤں کا سمندر ان کے ... ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔

چنا ہوا نتی بنا ہوا دوپٹہ انھوں نے اُتار کر تکیے کے پاس رکھ دیا تھا۔ شور شرابے سے بچنے کی خاطر انھوں نے دالان کی طرف کھلنے والا دروازہ بند کر لیا تھا ـــ وہ دروازہ بھی بھڑا ہوا تھا جو ان کے اور بی بی تارا کے کمروں کو ملاتا تھا مگر اس کی چٹخنی نہیں لگی تھی۔

اچانک انھیں خیال آیا کہ دیکھ تو لوں دلہن کے کمرے میں پاندان رکھوا دیا گیا ہے یا نہیں۔ ان کی اپنی زندگی میں بس ایک ہی دن سنہرا تھا اور ایک ہی رات رنگین ـــ اور اس رنگین اور سنہرے خواب میں پاندان کا بہت اہم رول تھا ـــ جب نواب صاحب نے پان مانگا تھا۔ اور انھوں نے اپنے حنائی ہاتھوں سے رنگتے کانپتے پان بنایا تھا۔ اور شرماتے شرماتے نواب صاحب کے سامنے رکھا تھا تو انھوں نے بڑی بدمعاشی سے کہا تھا "اونہوں ایسے نہیں ـــ اپنے ہاتھ سے کھلایئے۔" اور جب انھوں نے پان نواب صاحب کے منہ میں رکھنا چاہا تو وہ پورا ہاتھ ہی چبا گئے۔ بلکہ ہاتھ کیا ان کا پورا انگ انگ چبا گئے ـــ پھر بھی وہ رات کبھی نہ لوٹی۔

"اللہ نہ کرے کہ میری بیٹی کی زندگی سے وہ رات کبھی منہ موڑے، روز روز وہ رات آئے میرے اللہ" انھوں نے بوجھل دل سے سوچا اور بھڑے ہوئے دروازے کو کھول کر برابر کے کمرے میں داخل ہو گئیں۔

چھپر کھٹ سونے چاندی کا ملوان تھا۔ اس پر سونے کے کام کی بنی مسند تھی اور اس پر جو شخص بیٹھا موزے اتار رہا تھا وہ نہ سونے کا تھا نہ چاندی کا محض گوشت پوست کا ایک انسان تھا، ایک جوان انسان، ایک جوان مرد۔

دلہن پاشا گھبرا سی گئیں ـــ دوپٹہ تو وہیں ان کے سرہانے تہ بنا پڑا تھا اور وہ یہاں اپنی ساری بلندیوں اور ساری خوبصورتیوں کے ساتھ ادھورے لباس میں کھڑی تباہیوں کو دعوت دے رہی تھیں۔

عورت ہر بھیس میں مرد کو در پڑنے لگتا ہے لیکن گھبرائی ہوئی عورت کو دیکھ کر ایک مرد کو اپنے مرد ہونے کا پوری شدت کے ساتھ احساس ہونے لگتا ہے۔ اور یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جب گیہوں اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ ساری چیزوں میں سب سے زیادہ لذیذ محسوس ہونے لگتا ہے۔

دلہن پاشا کو کچھ بھی یاد ـــ سب کچھ نہیں کچھ ایسا کہ کسی نے شہد ٹپکاتی آواز میں یہ کہا "آپ کے گلے میں نو لکھا ہار کتنا خوبصورت لگتا ہے۔" اور پھر انہیں پھول کی پنکھڑی کی طرح ہلکا اور نازک سمجھ کر مخمل کے بستر پر بچھا دیا گیا ـــ اور پھر جیسے زندگی بھر کی کلفتوں کا ازالہ ہو گیا ـــ جیسے وہ سب خواب کی باتیں تھیں کہ برف گھول گھول کر پانی کو ٹھنڈا کیا جا رہا ہے۔ وہ ٹھنڈے یخ بستہ پانی سے نہا رہی ہیں اور آگ اور گرمی ہے کہ کم ہوتی ہی نہیں ـــ یہ سب انھیں خواب اور جاگتے سوتے کی کیفیت لگی۔ لیکن جب صدیوں بعد انھیں ہوش آیا تو لگا کہ وہ وقت تو جہاں کا تہاں پڑا ہوا ہے سامنے والا بڑا گھنٹہ چار بجا رہا ہے ـــ اور وہ یعنی بنت حوا آدم کی پسلی سے نکلی اسی لباس فاخرہ میں ملبوس ہیں جو تمام ازل نے اس دنیا میں بھیجتے وقت انھیں عطا کیا تھا۔

پاگلوں کی طرح وہ اٹھیں اور شیرنی کی طرح اس شخص پر ٹوٹ پڑیں جس نے ان کی سولہ سال مقفل عبادت گاہ کو تباہ و تاراج کر دیا تھا۔

"تم ـــ تم ـــ تم شوہر ـــ تم حیوان تم میری بچی کا سکھ اجاڑنے والے ذلیل کتے، خدا تمہیں کبھی سکھ نہیں دے گا۔ اللہ کرے تم کو کبھی کوئی خوشی نہ ملے ......"

اور وہاں اس مرد کا دل، ذہن ہر احساس صرف ایک ہی بات سوچے جا رہا تھا ـــ یہ عورت ـــ یہ عورت کس قدر گڑبڑا دینے والی شخصیت ہے۔ بستر پر جتنی خوبصورت تھی غصے میں تو اس سے بھی سوا ہے۔ بس کیا کروں، چبا ڈالوں، کیا کھا جاؤں؟"

سارے دن دلہن پاشا اپنے کمرے سے باہر نہ نکلیں، بی بی تارا کا کمرہ برابر ہی میں تو تھا۔ لڑکیاں، بالیاں، دلہن کی جان پر ٹوٹی پڑ رہی تھیں۔ بس ایک ہی سوال تھا اری بتا نا کہ رات کو کیا کیا ہوا؟"

بی بی تارا جیسی بھولی بھالی ساب اسے کیا پتہ کہ پہلی رات کو کچھ نہ کچھ ضرور ہوتا ہے۔ وہ ہنس ہنس کر بات کو ٹالے گئی۔

عصر کے لگ بھگ دلہن پاشا اٹھیں۔ گناہ کا بوجھ انھیں اٹھنے ہی نہ دیتا تھا۔ بوجھل دل، بوجھل ضمیر اور بوجھل پیروں سے چلتی غسل خانے گئیں۔ نہا کر زرد رنگ کا کرتہ پاجامہ پہنا، دوپٹہ اوڑھا، عصر کی نماز پڑھی ـــ اور ہر چند کہ عصر کی نماز کے بعد سجدے میں گرنے کی اسلام میں ممانعت ہے۔ لیکن وہ اپنے بوجھل اور گناہ گار دل کی مار سے اتنی شرمندہ تھیں کہ سجدے میں گر کر ماتھا رگڑ رگڑ کر خوب روئیں۔ اتنا کہ جا نماز کا اتنا حصہ آنسوؤں سے تر بتر ہو گیا۔ مگر ان کے دل کی بھڑاس نہ نکلی۔ بس ایک ہی دعا لب پر آئے جاتی۔

"خدایا ـــ مجھے معاف کر دے مالک میں بہت بڑا گناہ کر دی ـــ مجھے موت دے دے۔"

رات کے کھانے پر سب کا سامنا ہونا ضروری تھا۔ وہ باہر آئیں تو سب دیکھتے ہی رہ گئے ملکوتی حسن زرد رنگ کے جوڑے میں اور بھی دمک رہا تھا۔ سوگوار چہرہ ہزار بناؤ سنگھار والے چہروں سے بالاتر نظر آ رہا تھا۔

داماد نے سلام کیا، مگر انداز میں بے پناہ شرمندگی اور ندامت تھی ان کا جی چاہا، سلام کے جواب میں جوتا کھینچ ماریں مگر ساری دنیا دیکھ رہی تھی، اس لیے محض گردن خم کر کے اپنی بڑائی ظاہر کرنی چاہی۔ لیکن کسی نے دھیرے سے جیسے کان میں کہہ دیا ہو "وہ تم سے دو سال بڑا ہے۔" انھوں نے گھبرا کر سر اٹھایا اور ادھر ایک مرد اپنے آپ کو مرد محسوس کرنے لگا لیکن انھوں نے خود کو سختی سے سمجھایا۔ "اونہوں ـ اُنے میرا داماد ہے۔"

دادی حضور سمجھیں پتہ نہیں پوتی کے ساتھ دولہا میاں نے کیا اودھم مستی مچائی ہو، اس لیے نوکرانیوں سے کہہ دیا "آج رات بی آرام کریں گی۔ ننھی سی جان کو روز روز یہ آفت نکو۔"

دولہا میاں کو یہ سندیسہ بھجوا دیا گیا کہ بیٹا آج گڑبڑ نکو۔ اکیلے اکیلے آج سو جاؤ۔"

بارہ بجے ایک بجا، پھر دو بجے، پھر ساتھ والے کمرے سے بتی بجھانے کی آواز آئی رات والی بتی شاید ابھی جل ہی رہی تھی کیونکہ دروازے سے نیلی نیلی روشنی چھن چھن کر آ رہی تھی۔

پھر رات کا ایک اور پہر بیتا۔ باغ سے موگرے چنبیلی کی مہکتی ہوائیں دستکوں پر دستکیں دینے لگیں۔ بی بی تارا دادی کی محفوظ بانہوں میں سوئی پڑی تھی۔ سارا جگ ہی سویا پڑا تھا۔ صرف وہی جاگ رہی تھیں ـــ لاکھ نہ چاہنے پر بھی ایک نہ ایک بیتی گھڑی یاد آ رہی تھی۔

سوچتے سوچتے دماغ بوجھل ہو گیا تو انھوں نے چوٹی کھول ڈالی کہ اس طرح دماغ کو اور سر کو بوجھ سے نجات ملے۔ بال بکھرتے ہی عود عنبر کی جان لیوا خوشبو سارے میں پھیل گئی۔

پھر دھیرے دھیرے قدم اٹھاتی وہ دروازے تک پہنچیں اور ہلکے سے دھکا دیا کوئی جیسے تاک ہی میں تھا۔

"آپ!" دولہا میاں قریب آ کر حیرت اور خوشی سے بولے۔

وہ بے بس سی ہو کر بولیں "آج میں پھر نو لکھا پہنی ہوں۔"

●●

بقیہ نولکھا ہار

دمری لڑکی ہنس کر بولی "اچھا ایک۔ ہور بوجھو۔" دونوں کا ایک ایچ جواب ہے۔ سوچ کو بولو۔

"اسلا اسلاتا ہاتھ میں لیو تو پھسل پھسل جاتا"

پھر بی بی تارا ہی بولی "پنکھا" — دونوں کا جواب پنکھا ایچ ہے"

اب سب نے سوچنا شروع کیا "

اسے پچی تو بات ہے۔ سوتے وقت ہاتھ میں پنکھا نے کو سوتے ناگرمی کے دنان میں۔ ہور ہاتھ میں پسینہ آتا تو اجاڑ سارا پھسل پھسل بھی تو جاتا نا"

"اب میری پہیلی جو کئیں بوجھے تو اس کو میرے سامنے سو اٹھک بیٹھک کرنا پڑے گا" حویلی کی مغلانی اماں کی بیاہی بیٹی نے کہا۔

"ہاں بولو"

"اودھر ڈوں مرڈوں ٹھوک لنگڑ اندر گھیڑوں"

سب گالوں پہ ہاتھ ٹکا کر سوچنے لگیں اتنے میں ایک لڑکی بھاگی بھاگی گئی اور ہاتھ میں کچھ لیے واپس آئی۔ زور سے چلا کر اس نے اعلان کیا "سوئی دھاگا"

سب اس کی جان پر ٹوٹ پڑیں ساگے دیکھو یہ سعد بہاں تیں چلنے والا۔ کتاب میں سے دیکھ دیکھ مت بولو۔

لڑکی نے دونوں ہاتھ میں کتاب دبالی "اچھا سچی بولتیوں اسے تھا کھیل نئیں۔ دل سے بولتا سب لوگ ہیں بھی"

"لگے دلہن بیگم، تم ناہیں تو کچھ منہ کھولو"

دو چار سہیلیاں بی بی تارا کو خوب گدگدانے لگیں۔

وہ بل کھا کر ہانپ کر بولیں۔ "اباخدا کے واسطے اتنا گدگدی مت کرو۔ مرجاؤں گی۔ اچھا میں ریج بول کے میری باری ختم — آں"

پھر وہ ہاتھوں کو دیکھ دیکھ کر مسکرا مسکرا کر بولنے لگی۔

"تو جاتا تھا میں پکارتی تھی
تو آتا تھا میں روتی تھی
پھر تو دیکھتا تھا میں ہنستی تھی"

ایک دم طوفان کی طرح چکراتی، بلبلاتی آگ برساتی دلہن پاشا اپنے کمرے سے برآمد ہوئیں "یہ کیا فضول باتاں لگائے بیٹھے تم لوگاں۔ کچھ عقل ہے کہ نئیں کرانے بیٹھنے والیاں میں اکتو اسے بچیاں بھی تیں۔"

بی بی تارا اپنی جگہ سہم سی گئیں — "آپا ہم تو خالی چوڑیاں اور چوڑی والے کا مسئلہ بولے"

دوسری ڈر کر اپنے ہاتھوں میں چھپائی ہوئی کتاب آگے بڑھا کر کہنے لگی۔ دیکھیے یہ تو ہم کتاب میں سے یاد کرے"

دلہن پاشا نے اُتھل پتھل ہوتی سانس کو بڑی مشکل سے سینے میں سمیٹا اور کتاب زور سے جھپٹ کر اپنے بستر پر آ گریں۔ کتاب کو تیزی سے کھول کر پڑھنا شروع کیا — "چند دکھنی پہیلیاں" کے عنوان سے الہ آباد کے کسی محمد نعیم الرحمٰن ایم اے نے کتاب مرتب کی تھی۔ جو اس وقت ان کے جلتے بدن پر گرم تیل بن کر ٹپک رہی تھی۔ انھوں نے چرچر کر کے پوری کتاب پھاڑ کر رکھ دی تھی۔

پھر وہ سو سکیں۔ ایک ایک کر کے زندگی کے دن ان کے سامنے آ آ کر اپنی اپنی شکایتیں کرنے لگے۔

ایک دن بولا یاد ہے "ایک دن برسات میں خوب پانی برسا تھا۔ خوب بجلیاں چمکیں تھیں۔ تم آنگن میں اتری تھیں تو پورا لباس پانی میں بھیگ کر سارے انگ ایسے بدن سے چپک گیا تھا — تمہیں کتنی سردی لگ رہی تھی یاد ہے نا — ایسی سردی کیا کمبلوں اور مخملیں رضائیوں سے جاتی ہے؟"

ایک اور دن نے کہا "نواب دولت یار جنگ نے تو ایک رات کے بعد کبھی اس انگیٹھی جسم کو چھوا تک نہیں پھر تم نے اپنے آپ پر یہ ظلم کیوں روا رکھا کہ حویلی میں کتنے ولڑکے تمہاری ایک چشم کرم کے منتظر رہتے تھے۔ مگر تم نے انھیں پوچھا تک نہیں۔ یاد ہے ایک دن شوکت نواب نے تمہارے دوپٹے کا آنچل اک ذرا تھام لیا تھا تو تم نے کتنی زور سے ان کے تھپڑ مارا تھا۔ کیا جنت میں جانے کی آرزو اتنی شدید ہے؟"

ایک دن اور بولا "ایک حوثر زندگی بھر اسی لئے وقف رہی کہ منوں برف کی سلیں لائے اور تم ٹب میں وہ برف گھول گھول کر یخ بستہ پانی سے نہا نہا کر اپنے جسم کی تپش ٹھنڈی کرتی رہو۔ مگر کیا یہ روح کی گرمی برف سے بجھ جاتی ہے؟"

یاد ہے ایک دن ......"

ایک دن!

ایک دن!!

ایک دن!!!

انھوں نے اپنے کانوں پہ ہاتھ رکھ لیے — کتنے دنوں کو یاد کروں اور کتنے دنوں کو بھولوں — اب میں اپنی بیٹی وداع کر رہی ہوں، میں اکیس بتیس کی سعی دیکھنے میں جوان بھی ہیرے اور ناناں بیاتے ہیں۔ میری آرزوں تشنہ ہی رہیں اب سب بھول جانا چاہتی۔ میں اپنی بیٹی کی بڑی بہن دکھتی۔ یہ بھی صحیح ہے کوئی بھی ہم دونوں کو آج تک ماں بیٹی نہیں بولا۔ جو بولا بہناں، بہناں ایچ بولا۔ پھر بھی میں اب ایک داماد کی ساس بننے جا رہی۔ انھوں نے چیخ کر ان دیکھی قوتوں کو جیسے بھگانے کی کوشش کی۔!

"چلے جاؤ میرے سامنے سے نکل جاؤ — یہ پلید خیالیاں دراصل شیطاناں ہیں — مالک میرے کو آج تک سنبھالا، اب بھی سنبھالے"

اور وہ ہانپتی ہانپتی کلیجہ پکڑ کر بیٹھ گئیں۔

رت جگے کی رات گئی۔ پھر مہندی کی رات بھی۔ ساچق کی رات بھی گئی — اور آج شادی کی رات یعنی جلوے کی رات تھی۔ حویلی میں وہ بھگدڑ مچی ہوئی تھی کہ منہ کے کام کو خواہ مخواہ گھنٹہ لگ رہا تھا۔ بیٹی بیاہ کر کے ہی یہیں رہنے والی تھی کیوں کہ گھر داماد بیٹر لگی تھا۔ داماد میں ہر خوبی موجود تھی بس ذرا عمر کا فرق تھا تو یعنی دودھ دینے والی بھینس کی دو لاتیں تو کھانی ہی پڑتی ہیں۔ پڑھا لکھا ہونہار نواب خاندان کا لڑکا تھا۔ عمر چونتیس سال تھی کچھ لوگوں نے سنہ بھی بنائے۔

اگے کوئی بات بھی ہوئی اچار یہ ہوگا دیکھو۔ سو برس کی دلہن بیکھو سو کو دولہ بیس گنی بالکا — ایسا کیا کال پڑا تھا کہ چھپر کروں گا۔

"اب آپا! ایک نہ ایک جگہ تو جھکنا پڑتا ناں۔ دیکھو سب چیز تو برو بر ہے۔ بس عمر ہی ذرا زیادہ ہے — اس سے کیا فرق پڑ جائیں گا بھلا —؟"

"فرق کی بات تو جانے دیو — جوڑ کو جوڑ تو سمجھنا چاہیے نا؟"

"وہ تو ہیں گا — نئیں تو ایک دو بچوں کے بعد عورت خالہ اماں نئیں تو پھو اماں لگنے لگ جاتی مرد کی۔ اچھا ایچ ہے مرد کے ذرا بڑی عمر کا ایچ ہونا"

لیکن جب رفعت نواب برد کھانے کو آئے تو سب اپنی جگہ سن رہ گئے ایسی جی دار مرد، ایسا بانکا سجیلا جوان — کلین شیو ڈاڑھی نہ مونچھ۔ گورا رنگ اور بخارا قد، سفید بانہہ پاؤں، چوڑی چکلی چھاتی — مگر اللہ! شربتی آنکھیں — صورت شکل سے مشکل سے پچیس چھبیس سال کا لڑکا — سب اپنی معقول رائیں دل ہی دل میں دبا کر بیٹھ گئے۔ واقعی اچھا جوڑا ملا تھا۔ بی بی تارا ابھی تو سولہ سال کی مگر عمر اس سے کچھ زیادہ ہی لگتی۔ اور یہ زیادہ ہو کر کم لگتے۔ یوں بھی عمر صورتوں ہی سے پرکھی جاتی ہے۔ کوئی اسکولوں میں سرٹیفکیٹ تھوڑی ڈھونڈنے جاتے ہیں۔

برات جس دھوم دھڑکے سے آئی اس کا ذکر فضول ہے۔ اس لیے کہ ادھر سے ہر لحاظ — ماں باپ نے جی کھول کر جو دیا، دلہا والوں نے بھی کوئی کسر نہ چھوڑی اور ریتوں کو تو جانے دو، صرف ایک ہار ہی پورے نو لاکھ کا تھا۔ اب کسی کو یقین آئے یا نہ آئے یہ پرانے نوابوں کا دستور رہا ہے کہ ایک نہ ایک خاندانی زیور ان کے پشتہا پشت سے چلا آتا ہے۔ جو خاندان کی ہر بڑی بہو کو چڑھایا جاتا ہے —

سو رفعت نواب کا خاندانی نولکھا ہار۔ جو پرانے وقتوں کے نولاکھ روپیے کا تھا یقیناً اب اس کی قیمت دگنی تگنی ہو گئی مگر نام وہی چلا آرہا تھا "نولکھا ہار"

عقد خوانی ہو گئی باہر بینڈ باجے اور اندر ڈھولک پٹنے لگی — یہ گویا اس بات کا اعلان تھا کہ نکاح خوانی ہو گئی اور بیٹی پرائی ہو گئی۔

سسرال سے آیا ہوا جوڑا بی بی تارا کو پہنایا جا چکا تھا — اس قدر وزنی کمخواب کا جوڑا کہ بی بی تارا اپنے وزن سے دوگنی ہو گئیں۔ پھر زیور، پھر پھولوں جوڑا، پھر حیدر آبادی نگوں کا جوڑا، پھر پہنچیاں، پھر کرن پھول، پھر ماتھے کا جھومر، پھر مانگ کا ٹیکہ — بس بے چاری دلہن بوجھ کے مارے زمین کی طرف جھکی چلی آ رہی تھی۔ اور ابھی ایک قیامت تو باقی ہی تھی۔ ابھی تو دولہا میاں منہ دکھائی میں وہ بیش قیمت وزنی نولکھا ہار بھی اس کے گلے میں پہنانے والے تھے۔

جلوے کا وقت قریب آ رہا تھا۔ بڑے سے چاندی سونے کے ملمع چھپر کھٹ پر جہیز میں دیا جانے والا شاندار مخملیں بستر بچھایا گیا۔ زردوزی مسند زریں گاؤ تکیے، گدگدے لحاف — بی بی تارا کو بہت سی لڑکیاں چھپر کھٹ تک لائیں اور گڑیا کی طرح بٹھا دیا۔ برابر میں دلہن پاشا کو بیٹھنا پڑا۔ وہ لاکھ شرمائیں لاکھ بہانے بنائیں مگر بہنوں، نندوں، بھاوجوں نے پکڑ دھکڑ کر انھیں چھپر کھٹ پر چڑھا دیا — اب منہ دکھائی کے جو بے حساب روپے اور زیور ملتے انھیں کون سنبھالتا پھرتا۔؟

دولہا میاں کو چھپر کھٹ پر جھک کر دلہن کے سامنے بٹھایا گیا۔ دلہن کے برابر میں دلہن کی ماں براجمان تھیں۔ کسی میراثن نے پتہ نہیں کس رو میں بلڑ میں ایک بات کہہ دی "جو کسی اور نے سنی، نہ سنی دولہا میاں نے ضرور سن لی۔

"ایو دلہن پاشا کو دیکھو اللہ خود ابچ دلہن لگ رئیں"

داماد نے اب ذرا غور سے ساس کو دیکھا۔ انھوں نے اپنی ساس کو سولہ برس پہلے چاہے نہ دیکھا ہو۔ مگر تھیں تو وہی — چاول پھر بھی تو نہیں بدلی تھیں سنہرا سبز رنگ۔ حیدر آباد کی عام دکنیوں کی طرح بلکہ ان سے بھی سوا لمبے گھنیرے بال، جھلمل کٹوروں کی طرح بادامی آنکھیں — اور اوپر سے تو سونے اور جڑاؤ کی رعنائیاں۔ کیا قیامت تھی کہ ہے! پھر حویلی کا جان ہوا چلن یہ تھا کہ لڑکیاں ان دنوں بھی گر توں کے اندر محرم و حرم کچھ بھی نہیں پہنتی تھیں۔ جو ہے بس سلمنے ہی ہے۔ ایسی آنچیں دیتی جوانی کو سر دلہا کی اس شام کو بھی جب ہزاروں لوگوں کا ہجوم تھا۔ اسی ایک انگیٹھی کی بدولت سارا ماحول گرما گرم محسوس ہو رہا تھا۔ انھوں نے بڑی شریر نگاہوں سے ساس کو دیکھا۔ روایت اور قاعدے کے مطابق بر دکھاوے کو داماد آتا ہے تو ساسیں پردہ کرتی ہیں۔ اس لیے اس دن وہ اپنی ساس کو نہیں دیکھ سکے تھے۔ آج دیکھا تو بس دیکھتے ہی جا رہے تھے۔ دلہن پاشا نے گھبرا کر نگاہیں جھکا لیں — حویلی کی ریت، یہ تھی کہ لڑکیاں نگاہیں نیچی رکھیں۔ ورنہ کشتوں کے پشتے لگ جاتے۔

اب آئینہ لایا گیا — سونے کے چوکھٹے میں جڑا آئینہ جس میں پہلی بار دولہا میاں اپنی دلہن کا منہ دیکھ کر اسے نولکھا ہار پہنانے والے تھے۔ چاند سی صورت نظر آئی تو دولہا میاں نہال ہو اٹھے — انھوں نے خواب میں سوچا اور دیکھا ہو، زندگی میں تو ہرگز نہیں سوچا تھا کہ ایسی حسین اور پیاری دلہن انھیں مل بھی سکتی ہے۔ مگر وہ سچ مچ مل چکی تھی اور اب وہ اس پیاری صورت کی قیمت ایک نولکھے ہار سے ادا کرنے جا رہے تھے کہ کسی نے ذرا ترس بھری آواز میں کہا "ابو میاں اتا وزنی ہار بچاری بچی کے گلے میں نکو۔ ماں ابھی سے "لدہ" میں جب رسم ادائی کر ڈال دینا بولو۔ ابھی پہلے ایچ بہت وزن ڈال رکھیں اِنے" یہ سسرال والیوں میں سے کوئی تھیں۔

ہار دولہا میاں کے ہاتھوں میں لرز رہا تھا۔ پھر اس کا کیا کروں میں؟ وہ کچھ سہمے لہجے اور شرارت سے بولے "اگے تمہاری ساس کے پاس رکھوا دیو جی میاں — بعد میں لے لینا — نئیں تو اس کے گلے میں ڈال دیو"

دلہن پاشا نے گھبرا کر چاروں طرف دیکھا۔ مگر اتنے میں ذرا آگے جھک کر مسکراتے مسکراتے دولہا میاں ان کے گلے میں نولکھا ہار پہنا چکے تھے۔ اور اپنی قسمت کو رو چکے تھے۔

کیونکہ جب ہار کو قبولیت کا درجہ بخشنے کے لیے دلہن پاشا ذرا آگے کو جھکیں تو گہرے اودے رنگ کے ریشمی کرتے کے اندر کچھ ایسا تباہ کن منظر نظر آیا کہ انھوں نے سوچا کہ ایٹم بم یا تو ہیروشیما پر گرا تھا یا آج مجھ غریب پر گرا ہے ہیروشیما پر تو بے شمار بم گرے ہوں گے۔ مگر یہاں تو دو ہی بموں نے زندگی تباہ و تاراج کر دی۔ کیوں کہ اس حویلی میں ایک جان لیوا چلن تھا کہ لڑکیاں اندر — کرتوں کے اندر محرم و حرم کچھ بھی نہیں پہنا کرتی تھیں۔ بس جو ہے سامنے ہے۔ اور ویسے بھی یہی بات تو یہ ہے کہ کس کر باندھ رکھنے کی ضرورت تو انھیں پڑے جن کا گوشت لٹکا چلا آ رہا ہو — یہاں تو جیسے تلوار تنی ہوں — یہ معاملہ تھا تو محرم پہنتے ان کی جوتی۔

اب سلامی اور منہ دکھائی کا دور چلنا شروع ہوا —

"اس کی طرف سے سونے کے کنگن دلہن کو"

"اس کی طرف سے پانچ اشرفی دولہا پاشا کو"

"اس نے گلے کی تو منی دی"

"اس نے دولہا میاں کو گھڑی دیا —"

اب منہ کا ہے کی سلامی اور کا ہے کی منہ دکھائی۔ وہاں تو ایک طوفان بپا ہوا تھا۔ اب وہ مر مر کر اپنا دھیان بٹانے کی سوچ رہے تھے کہ جو چاہی دلہن ملتی ہے ان کا دوپٹہ کتنا اچھا اودا اودا ہے۔ اس پر کام والی کتنی اچھی لگ رہی ہے۔ مگر کامدانی بنے ہوئے وہ دوپٹے کو چھنا ہونے تو کتنی مصیبت کی بات ہے۔ چنٹے والیوں کے انگوٹھے ضرور چھل گئے ہوں گے — پھر اچانک وہ دل ہی دل میں اپنے آپ کو گالیاں دینے لگے۔

"صاحب جناب یہ فضول باتاں مت سوچیے جو سوچنا ہے وہی سوچیے نا۔ اب اگر وہ دوپٹہ چننے والی مر بھی جائے تو آپ کیا بگاڑ کر جائیں گی — اصل بات تو یہ ہے کہ آپ طرف ایک ہی بات سوچا جا رہے ہیں۔ اور خود کو تو بہلانے دوسری طرف دھیان لگا رہے ہیں — مگر میاں آپ ہیں اصلی اُلّو کے پٹھے — آپ کو کامدانی کے دوپٹے اور کرتے سے مطلب؟"

کرتے کا دھیان آتے ہی ان کے ذہن میں پھر قینچی سی چلنے لگی — اب دنیا میں رنگوں کی کچھ کمی ہے کیا — سنہرا رنگ۔ ہی لے لو۔ ستر سے کے چھلکے جیسا کتنا اچھا لگتا ہے۔ ہیا ہرا رنگ پتوں کے جیسا۔ پھر ایک جامنی رنگ بھی ہوتا ہے گلابی رنگ ہوتا ہے — اور کمبخت یہ لال رنگ کدھر مر گیا تھا آج؟ یہ کرتا اور کچھ نئیں اور کچھ نئیں — اودے رنگ کا ہی ہونا تھا۔ یہ اودا رنگ اور ذرا جھک کر دیکھو اس کے اندر تباہیاں، بربادیاں!"

ان کے باہر جتنا شور تھا، اندر اس سے بھی کہیں زیادہ غلغلہ مچ رہا تھا کہ اچانک دلہن پاشا گرمی اور حبس کے مارے بوکھلا کر اُٹھ کھڑی ہوئیں۔

"بھئی اللہ میں اپنے کمرے کو جا رہی ہوں —"

ان کے کھڑے ہوتے ہی جیسے کائنات کا سارا سلسلہ اپنی جگہ جامد ہو کر رہ گیا۔

"بیگم صاحبہ آپ کا کیا بگڑ جاتا جو آج آپ یہاں بیٹھی رہ جاتیں ۔۔۔ دل دار الفلس کا پھنسا پھنسا پاجامہ نہ پہن لیتے۔"

سادگی اور وہ بھی ایسی قیامت خیز — یہاں سے وہاں تک محفل میں چمکیلے ستارے ٹنکے ہوتے بیٹھے اور زردوزی کی جگمگاہٹ تھی اور یہاں کیا تھا؟ صرف ایک اودا کرتا اور اودا تنگ پاجامہ اور اودا دوپٹہ۔ بس یہاں وہاں کامدانی ضرور دمک رہی تھی۔ دمک کیا رہی تھی دولہا میاں کے نصیبوں پر ہنس رہی تھی۔

مگر وہ نولکھا ہار — جو دو اونچے گنبدوں کے بیچ کیسا حقیر ہو کر رہ گیا تھا۔

بارات کو واپس تو جانا تھا ہی نہیں کیوں کہ داماد گھر داماد ملا تھا اسی لیے گڑبڑ کم ہونے کے آثار نظر ہی نہ آتے تھے۔ پتہ نہیں ایک بج گیا تھا یا دو بج گئے تھے مگر یہاں تو انھیں نے ایک نہ دو پورے تین بجا دیے تھے۔ وہ اٹھ کر چلی بھی گئیں مگر دماغ پر تو وہی چھائی ہوئی تھیں — اب لاکھ دولہا میاں ادھر ادھر کی باتیں سوچنا چاہتے ہیں لیکن بعض مرد ایسے ہوتے ہیں کہ ہاتھوں میں پھول کھلنے کا سماں یاد کرنا چاہیں تو کمبخت دماغ میں ہیروشیما پر بمباری کا منظر یاد آتا ہے۔

دلہن چھوٹی سی تھی الہڑ سی تھی، نادان تھی اس لیے دلہن پاشا نے اپنے کمرے کے برابر کا ہی کمرہ چنا تھا — کیا پتہ رات بے رات وقت بے وقت اسے ماں کی ضرورت پڑ جائے۔

اپنے وقتے سے فارغ ہو کر جب بی بی سنا تا ہونے لگا۔ جا بجا فرشوں پر بچھونوں پر جس کو جہاں جگہ ملی پاؤں پسار کر سو گیا — کیا لڑکیاں اور کیا بیبیاں — جس کا جو بڑی عورتیں یہاں وہاں بلا ضرورت لائن لڑکیوں کو تاڑتی جاگتی دکھائی دے رہی تھیں۔ باقی تو سارے میں سناٹا پڑ گیا تھا — البتہ دلہن کی سکھی سہیلیاں ڈرانگ روم کی تصویر بنی تھیں کہ جن کی باتوں سے اس کا دماغ کھلا۔ جا رہی تھیں سسرالی والیاں لائی کر رخصت ہو چکی تھیں اور دولہا میاں پہ کمرے میں پہنچا دیے گئے تھے۔

دلہن پاشا کی نیند تو عادت ہوئے اڑ چکی تھی آج بھوک بھی اڑ چکی تھی — انھیں بڑی کا وہ بوجھ تو وہ بہرحال اٹھائے ہوئے تھیں آج اچانک نا قابل برداشت ہو گیا تھا۔ جلد فارغ ہو کر جس نے ایک لاکھ حکمت ہوئے جا رہی تھی۔ انھوں نے

بقیہ صفحہ ... پر

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

کہتے ہیں ترکاری کھانے والے ڈرپوک اور گوشت کھانے والے شیر بن جاتے ہیں لیکن ساگ کھانے والے عرب کی لڑائی کبھی دیکھی ہے آپنے! تقریباً ساری دنیا کے لوگ گوشت خور ہیں۔ سوا گجراتیوں کے۔ ساگ پات، بھجیے، اور پوری کچوری کھانے کی وجہ سے ہندوؤں نے ہندوستان سے باہر نکل کر کسی دوسری قوم پر حملہ نہیں کیا جبکہ ہندوستان پر مسلسل حملے گوشت خور قوموں کے ہوتے رہے۔ اور ہر بار جیت گوشت خوری ہی کی ہوئی۔

مختلف مذاہب میں غذا کے متعلق احکامات مشکل ہیں گے جبکہ اسلام میں اس مسئلہ پر بڑی توجہ دی گئی ہے۔ اسلام کسی بھی انسان کے ساتھ کھانا کھانے کی نہ صرف اجازت دیتا ہے بلکہ حوصلہ افزائی کرتا ہے جبکہ برہمن کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانا ممکن نہیں۔ مسلمانوں کے دسترخوان پر برہمن بھی بیٹھ سکتا ہے، عیسائی بھی، یہودی بھی (قرآن حکیم ۵:۵)۔ مسلمان غیر مسلمان کے دسترخوان پر بیٹھ سکتا ہے بشرطیکہ کھانے میں حرام چیز شامل نہ ہو۔ اسلام میں کھانے کی صفائی پر ہدایات ہیں۔ کھانے کے برتنوں کی صفائی پر احکامات آج سے چودہ سو سال پہلے آ گئے تھے۔ افسوس صرف اس بات کا ہے کہ مسلمان گھرانوں میں سب سے گندی جگہ باورچی خانہ ہوتا ہے۔ سبیل کا پانی ناقص سمیت گلاس کی ڈبکی مار کر پیا جاتا ہے۔ کھانے کی مقدار کا جو فارمولا رسول کریمؐ نے بنایا تھا وہ یہ ہے۔ پیٹ کا ایک حصہ کھانے سے بھر جائے۔ دوسرا حصہ رقیق غذا سے اور تیسرا حصہ خالی چھوڑ دیا جائے۔ (قرآن حکیم ۷:۳۱) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا! دو آدمیوں کا کھانا، تین کے لئے اور تین کا چار کیلئے کافی ہے۔ بدقسمتی سے ہم نے اس پر عمل کرنا چھوڑ دیا ہے۔ اور تندور جیسے پیٹ لئے پھرتے ہیں اور ڈاکٹروں کی جیبیں گرم کرتے رہتے ہیں۔

جن جانوروں کے کھانے کی مسلمانوں کو اجازت ہے۔ انکو ہم سبھی جانتے ہیں۔ لیکن LIZARD کے کھانے کی اجازت پر کچھ لوگوں کو تعجب ضرور ہوگا۔ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا! میں LIZARD نہیں کھاتا لیکن اسکو حرام بھی قرار نہیں دیتا۔

جانوروں کے لئے ذبیحہ ہونا لازمی ہوتا ہے۔ اہل کتاب کا ذبیحہ جائز ہوتا ہے۔ مغرب میں رہنے والے مسلمانوں کیلئے ذبیحہ گوشت حاصل کرنا آسان نہیں ہوتا۔ سپین، سویڈن اور اٹلی جیسے ممالک میں حلال گوشت ملنا ناممکن ہوتا ہے کیونکہ یہودی آباد نہیں۔ یہاں کینیڈا میں بسنے والے مسلمان، کم از کم بڑے شہروں میں حلال گوشت مسلمان دوکانوں سے یا یہودی دوکانوں سے خرید سکتے ہیں۔ یہاں ٹورانٹو میں ایک معقول تعداد ایسی دوکانوں کی ہے جنکے مالک مسلمان ہیں۔ اور ذبیحہ گوشت ملتا ہے۔ لیکن مسلمانوں کی اکثریت گوشت ان دوکانوں کی بجائے DOMINION، LOBLAWS، KNOB HILL FARMS قسم کی دوکانوں سے خریدتے ہیں۔ ان میں سے ایسے مسلمان بھی ہیں۔ جو یہ کہتے ہیں کہ عیسائی چونکہ اہل کتاب ہیں۔ اسلئے ان کا حلال کیا ہوا گوشت جائز ہے ان کا کہنا ہے کہ اگر یہودی کا حلال کیا جائز ہے تو پھر عیسائی کا حلال کیا کھانے میں کیا اعتراض؟ ان کے گوشت کھانے کے جوش میں اور اسکے لئے بہانے تلاش کرنے میں یہ حضرات نظرانداز کر جاتے ہیں کہ یہودی تو اپنے مذہب پر حرف بہ حرف عمل کرتے ہوئے اسطرح جانور کو حلال کرتا ہے جیسے مسلمان کرتا ہے۔ اور وہ خدا کا نام بھی لیتا ہے۔ لیکن عیسائی جانور کو ذبح کرتے ہی نہیں۔ عیسائیوں کا گوشت حلال ہوا۔؟ مسلمان ان دوکانوں سے گوشت اسلئے بھی خریدتے ہیں کہ وہ مقابلتاً سستا ہوتا ہے۔ لیکن حالیہ انکشاف کے بعد کہ BEEF کے قیمے میں سور ملایا جاتا رہا ہے کے بعد کچھ لوگوں نے کم از کم قیمہ خریدنا چھوڑ دیا ہے۔

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی دوکانوں کے خلاف شکایات یہ ہیں۔ گوشت گراں ملتا ہے۔ دوکانیں سوائے چند ایک کے، سخت گندی ہوتی ہیں۔ اندر جو لوگ کام کرتے ہیں۔ انکے کپڑے میلے۔ ان کام کرنے والوں کے چلنے پھرنے، ہاتھ چلانے کا وہ انداز ہوتا ہے جیسے فلم سلو موشن میں چل رہی ہو۔ ان لوگوں کو سرو (SERVE) کرنے کا طریقہ معلوم نہیں ہوتا۔ کسی کو serve کرتے کرتے بیچ میں چھوڑ کر دوسرے پر توجہ ہو جاتی ہے۔ ان لوگوں کو گوشت کاٹنا نہیں آتا۔ انکا مقابلہ Dominion کے بغیر قصاب کی کاٹ اور اسکی معلومات سے کیا ہی نہیں جا سکتا۔ فون پر آرڈر رکھنے میں اکثر غلطیاں کی جاتی ہیں۔ اور مال کچھ کا کچھ ہی سامان کی گھر پر ڈیلیوری جلدی نہیں کی جاتی۔ بہت دیر تک انتظار کرنا پڑتا ہے۔ دوکان کے اندر اوّل تو نمبروں کا قاعدہ ہی نہیں۔ اور اگر کہیں نمبر ہیں۔ تو اس پر سختی سے عمل نہیں کیا جاتا۔ ان دوکانوں کی ونڈو ڈریسنگ بالکل واہیات ہوتی ہے۔ راستہ چلنے والوں پر بڑا خراب اثر ونڈو ڈریسنگ کا پڑتا ہے۔

ان سطروں کو لکھنے سے کوئی ۵-۶ ہفتے پہلے ٹورانٹو کی حلال گوشت کی چیدہ اہم دوکانوں کو سوالنامہ بھیجا گیا تھا۔ اور لوگوں کے اعتراضات پر ان مالکان کا تبصرہ مانگا گیا تھا۔ ان اہم دوکانداروں کے مالکان میں سے کسی ایک نے جواب نہ دیا۔ سوائے البدر والیشین کے قریشی صاحب کے۔ قریشی صاحب نے تفصیل سے معلومات بہم پہنچائی۔ اہم وجہ حلال گوشت کے Dominion وغیرہ سے قدرے گراں ہونے کی یہ ہے۔ کہ گوشت تازہ ہوتا ہے۔ اور FROZEN نہیں ہوتا۔ مسلمانوں کا گوشت پکانے کی عادتوں کی وجہ سے Steaks وغیرہ میں ان دوکانداروں کو مالی خسارہ رہتا ہے جبکہ یہی گوشت عیسائی دوکانوں پر (PRIME MEAT) گراں قیمت پر فروخت ہوتا ہے۔ اگر دوکانوں کو سرو کرنے کے لئے نمبر سسٹم شروع کیا جائے تو لوگ نمبر تک غائب کر جاتے ہیں۔ سارے گھر کا حساب بنتے کر چند چند گوشت خریدنے نکلتے ہیں۔ جس سے قاہر کو انتظار تو کرنا ہی پڑیگا۔ کیا Knob Hill Farms اور Dominion پر کیش Cash پر قطار میں لوگ بھول جاتے ہیں کسی بنک میں چلے جائیے جمعہ کی شام کو اور بھی لوگوں کی لائنیں دیکھ لیجئے۔

کوئی بڑا اسٹور گھر پر گوشت سپلائی نہیں کرتا۔ حلال گوشت سپلائی کرنے والی دوکانوں کے لئے یہ بہت بڑی دردسری ہے اسکو ختم کیا جانا چاہیئے۔

کچھ حضرات کا کہنا ہے کہ یہودی دکان سے گوشت قدرے سستا ملتا ہے لیکن ان یہودیوں کی دوکانوں پر گوشت Frozen ہوتا ہے اگر مسلمانوں کی بڑی تعداد حلال گوشت کھانا شروع کر دے تو ظاہر ہے گوشت کی قیمت میں تھوڑی بہت کمی واقع ہو جائیگی۔ مانگ اگر صرف ۲۵ فیصد بھی بڑھ جائے تو ہماری موجودہ ٹورانٹو کی دوکانوں کو مال سپلائی کرنے کے لئے بڑی بھاگ دوڑ کرنی پڑ جائیگی۔ اور اگر حلال گوشت کی مانگ ۵۰ فیصد بڑھ جائے۔ تو مسلمانوں کو اپنا ذبیحہ گھر کھولنا پڑ جائے۔

کچھ مسلمان یہ اعتراض بھی کرتے ہیں کہ چند دوکاندار ذبیحہ گوشت سپلائی نہیں کرتے۔ لیکن کسی کے پاس اسکا ثبوت نہیں۔ محض سنی سنائی پر افواہیں چھوڑنا کہاں تک اسلامی عمل ہوا۔

یہودی کا گوشت تو مسلمانوں کے لئے حلال اور عیسائی کا فروخت کیا گوشت کیوں حرام ہو جاتا ہے! دونوں ہی اہل کتاب ہیں۔؟

عیسائی BEEF کے قیمے میں سور ملا کر بیچتا رہا ہے یہودیوں کی دوکانوں پر اسکا خطرہ نہیں۔

ٹورانٹو کی حلال گوشت کی دوکانوں کے اخبارات میں اشتہارات دیکھے آئے۔ ان میں سے سبھی نے مذہب کو EXPLOIT کرنا شروع کر دیا ہے۔ داڑھی اور جانماز دکھا کر اگر تجارت پر اچھا اثر پڑتا ہے تو مذہبی بن جانے میں کیا حرج ہے۔ اگر اللہ کی لو کی وجہ سے مذہب نزدیک نہ آ سکا تو خیر! تجارت کی وجہ سے تو آیا۔ مطلب تو ثواب سے ہے۔! اس لئے چند دوکانوں کے مالکان کو کل تک مذہب سے دلچسپی نہ تھی۔ مگر اب اسکی نمائش خوب کی جاتی ہے۔ لیکن اسکے باوجود جمعہ کی نماز دو قدم پر ہوتی ہے مگر پڑھنے جاتے نہیں۔ چونکہ گوشت کھانے سے انسان شیر بن جاتا ہے۔ اسلئے ہمارا مشورہ ہے ——— یعنی C.M.L.A. Cancell my Last Announcement کے Boss کو یہ ہے۔ کہ اسلام ہم سب نے کا خیال چھوڑ دیں۔ اور ایک بڑا معاہدہ کر کے گوشت کو امپورٹ کر کے پاکستانی عوام کو کھلا کر ہندوستان کی طرف دھکیل دیں! پھر ساگ پات کھانے والوں کی دھوتیوں کا حال دیکھ لیں۔!

محفل شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبار عنوان)

تبسم

روز بھر راہ سحر تیرے تبسم کا خیال
موج دریا کی طرح مست خرام آتا ہے
سکندر علی وجد

•

اک برق نہیں ہے تکلم تمہارا
اک سحر ہے لرزاں کہ تبسم تمہارا
حسرت موہانی

•

کہیں کوندتی ہے بجلی کہیں مسکرائیں کلیاں
جو کسی حسیں کے لب پر ہوا موجزن تبسم
سید محمد وحید عالی دہلوی

•

ہائے وہ تیرے تبسم کی ادا وقت سحر
صبح کے تاروں نے اپنی جاں تک کر دی نثار
معین احسن جذبی

•

لٹا دے دولت کونین اور میرے لئے
بس اک تبسم عاجز نواز رہنے دے
جگر مرادآبادی

•

تو تبسم بھی شریک نگہ ناز ہوا!
آج کچھ اور بڑھا دی گئی قیمت میری
فانی

•

تبسم تھا اہل رنگ بستان کے لب پر
میں سمجھا کوئی جام چھلک رہے ہیں
[illegible] مہر زی


•

کبھی بجلی تو کبھی جان بہار گلشن!
لب رنگیں پہ ہیں انداز تبسم کتنے
عاقل دہلوی




پروفیسر کلیم عاجز

اردو کے معروف شاعر جناب کلیم عاجز کی ٹورانٹو آمد پر ادارہ کریسنٹ کی جانب سے انہیں خوش آمدید۔



بہنوں کی محفل



یہ کہانی واجدہ تبسم کی منتخب کردہ کہانیوں میں سے ایک ہے۔ یہ کہانی پہلی بار اُردو کے مقبول ترین رسالے شمع میں شائع ہوئی تھی۔ اور اس کی اشاعت کے ساتھ ہی اس کہانی کے خلاف نہ صرف پوسٹر لگائے گئے بلکہ شمع کا وہ شمارہ بھی کچھ عرصے کے لیے بین (BAN) رہا۔ لیکن بعد میں ثابت ہوگیا کہ واجدہ کی یہ کہانی فحش نہیں ہے

واجدہ تبسم

انھیں خود ہنسی آگئی۔ ان کی نیند تو آج سے اس گھڑی سے ہی ان سے روٹھ گئی تھی جس رات وہ بیاہ کر اس وسیع و عریض حویلی میں آئی تھیں کیسی جگمگاتی رات تھی وہ بھی یہاں سے وہاں تک چراغاں ہی چراغاں پہلی بیٹی اور اکلوتی بیٹی سبیٹے تو تین تین تھے۔ اصل ارمان اور ٹھاٹ باٹ تو بیٹی ہی کی شادی میں ابا حضور کو نکالنے تھے۔ رات کو دن ہوتے تو بہتوں کی شادیوں میں دیکھا ہوگا مگر دُلہن پاشا کی شادی میں رات جو دن ہی تو کئی ہفتے تک دن ہی دن بنی رہی۔ نہ جہیز کا کوئی حساب تھا نہ اوپری لین دین کا۔ کہنے والے کہتے تھے کہ ایک بیٹی کی شادی میں بڑے نواب نے اتنا اٹھایا کہ حیدرآباد کی ساری بیٹیوں کی شادی کی جاسکتی تھی۔ اور داماد بھی کیا چن کر ڈھونڈا ہے کہ دیکھو تو بس دیکھتے ہی رہ جاؤ سر پر ستارہ کلاہ جانے وارکی چمپاتی شیروانی اور رول دار اطلس کا جسم جیسا تا پنڈلیوں پر کسا ہوا پاجامہ پہنے سر سے گھٹنوں تک جھولتا سہرا باندھے جب وہ دلہن کو گود میں اٹھانے آئے ہیں تو ساری محفل ہکا بکا رہ گئی جیسے کسی کلی کو اٹھا رہے ہوں ایسی ہی آسانی سے انھوں نے دُلہن پاشا کو گود میں اٹھا لیا۔ کسی میراثن نے پھبتی کی بات سنائی "اے بی! مرد اور پان تو کرارے ہی اچھے لگتے ہیں۔ دیکھو تو کیا خسے کو سٹے میں بھر لیا"۔

مگر وہ ایک ہی رات کی بات تھی جب دولہا میاں نے اپنی نئی نویلی دلہن کو گود میں بھرا ہوگا۔ نصیبوں کا حال اوپر والے کو معلوم، دُلہن پاشا کہ جن کا اصل نام اشرفی بانو تھا۔ اشرفی یوں کہلائیں کہ بچپن میں سونے کی طرح دمکتی تھیں۔ پیار سے ماں باپ نے اشرفی اشرفی پکارا تو نام ہی اشرفی پڑ گیا۔ جوانی آئی تو کندن بن بیٹھیں۔ سنہرا سنہرا رنگ حیدرآباد کی عام لڑکیوں کی طرح، بلکہ اس سے بھی سوا لمبے گھنیرے بال چھلمل کٹوروں کی طرح بادامی آنکھیں۔ بھلے کو کسی کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھا کہ حویلی کی ریت ہی یہ تھی کہ لڑکیاں نگاہیں نیچی رکھیں ورنہ جس طرف نظر اٹھتی کشتیوں کے پشتے لگ جاتے اور اوپر سے تو سوس اور مورابوں کی رعنائیاں کیا قیامت تھی کہ سچ ہے باہر حویلی کا ایک جان لیوا چلن یہ تھا کہ لڑکیاں ان وقتوں اندر کرتوں کے اندر محرم وحرم کچھ بھی نہیں پہنا کرتی تھیں ۔۔۔ جو ہے بس سامنے ہی ہے۔ ایسی اینٹھی ہوئی جوانی کہ سردیوں کی ایک رات لڑکیوں کو یاد ہی رہ گئی۔ جب مار سردی پڑ رہی تھی اور نوکر خانے سے گل بدن نے انگیٹھی لانے میں دیر کردی تو سب لڑکیوں نے ایک زبان ہو کر کہا تھا "اللہ اب سردی کا کیا رونا ہے جی۔ اے اشرفی کی طرف ہاتھ کرکے آگ تاپ لیو ۔۔۔ سب لوگاں گرم ہو جائیں گے۔"

ایسی انگیٹھی بدن جوانی تھی اور حشر یہ ہوا کہ جہیز میں پٹیں بندھی جو دی گئی وہ جنوب کے اضلاع کی تازہ تازہ رکھی گئی ایک مار پٹا سے لماڑن یعنی بنجارن چھوکری تھی۔ ایسی تو کئی جہیز میں دی گئی تھیں لیکن ہم عمری کے ناطے اصل کام دھام کی خاطر وہ لماڑن ہی اصل پٹیں بندھی مانی جاتی۔ اپنی تیز طرار اور چلبلی طبیعت کی وجہ سے اشرفی بانو کو وہ بہت پسند بھی تھی۔ لیکن یہ کسے خبر تھی کہ اس کی تیزی ان کے اپنے نصیب کو ہی اس تیزی سے چاٹ جائے گی۔

شادی کی رات ۔۔۔ پہلی رات،

سہاگ رات گزار کر جب دولہے پاشا اپنے شہزادوں ایسے شاندار کمرے سے نکل کر جب باغ میں آئے تو دیکھا کہ خوب دھما چوکڑی شور مچ رہا ہے۔ ایک لماڑن ہاتھ لمبے کر کرکے مالی سے وہ چپیٹے لے رہی ہے کہ مالی سات بچوں کا باپ ہو کر بھی نامردوں کا سردار نظر آرہا ہے۔

"اے چھوکری! اتنا شور کیوں مچا رہی ہے؟"

دولہے پاشا نے الجھ کر اسے مخاطب کیا۔ جس کی ان کی طرف پیٹھ تھی۔

"اے چھوکری" سنتے ہی اس نے سر گھمایا اور اس کے سر گھماتے ہی ادھر دولہے پاشا خود گھوم کر رہ گئے ۔۔۔ ایسی آفت ڈھاتی جوانی تو ان کے باپ نے بھی اپنے خوابوں میں نہ دیکھی ہوگی۔ چہرہ تھا کہ انگارا بنا ہوا تھا۔ آنکھیں آگ برساتی ہوئی۔ اتنی موٹی چوٹی ٹھیک سینے کے بیچ میں چاندی کے بٹنوں کے اوپر پڑی ہوئی اور چوٹی کے ایک اُدھر اور ایک طرف اِدھر۔ بس اب کیا کہا جائے ...... بڑے غصے سے اس نے کہا "میں چھوکری دکھتی ہوں؟"

اب دولہے پاشا کی مردانگی بھی خوشی خوشی جاگ پڑی۔ ذرا شرارت سے بولے "دکھتی تو چھوکری ہی ہے۔ مرد لوگاں ایسے پہاڑیاں اٹھا کر نہیں گھوما کرتے" انھوں نے صاف اسکی جوانی پر چوٹ کی۔

"میرے کو میرے نام سے پکارنا سرکار! ہاں بول دی میں!"

"مگر آپ کا اسم شریف؟" دولہے پاشا ہنسی روک کر بولے۔

"بیگیا" اس نے اس بے اعتنائی سے جواب دیا۔

"بگیا! بہت اچھے۔ واقعی پھولاں ہی پھولاں ہیں یہاں سے وہاں تک" پھولوں کے ذکر پہ بے چارہ مالی شامت اعمال سے دخل انداز ہوگیا "دیکھیے سرکار ابھی اچ بول رہا تھا کی یہاں سے وہاں تک، پھولاں ہی پھولاں ہیں۔ جو آپ کا حکم ہے کی پھولاں توڑا نیکو کرو۔ اپنے آپ سے مرجھا کو ٹوٹ کو گر گئے تو گرنے دیو۔ یہ کیا بولتی کی میں اپنی بی بی صاحب کے واسطے توڑوں گی توڑوں گی۔ ہو کیا بولتی ......"

ایک دم اس قیامت نے حقارت آمیز لہجے میں دھتکارا "آگے تو جا کو اپنی بی بی کے بنگلے میں سو جانا رے ۔۔۔ چپ کا چپ ٹرٹر لگا کو رکھا ۔۔۔ جا جا بہوت دیکھے تیرے جیسے پھولاں سنبھالنے والے"۔

پھولاں سنبھالنے والے تو ہم ہیں بگیا بیگم" دولہے پاشا کے دل سے آواز نکلی۔

اللہ معلوم اس بگیا میں کیا زہر بھرا تھا کہ آپ ویسے ہی بھری بھری کسی کسی رہی مگر دولہے پاشا کو چوس چوس کر بھوک بنا ڈالا کسی کام کے نہ رہ گئے ۔۔۔ یا تو وہ ایسے کرارے تھے کہ پہلی رات کو دلہن کو کلی سمجھ کر اٹھا لیا تھا یا اب پانی کا گلاس بھی اٹھاتے تو ہاتھ تھر تھر کانپنے لگتا۔

دلہن پاشا کے حصے میں کیا آیا ۔۔۔ بس بھڑکتی انگارے بھاتی جوانی ۔۔۔ اور شادی کی اکلوتی ایک رات کی یادگار ایک بچی۔ پھر میاں نے انھیں کبھی بھولے بسرے بھی ہاتھ تک نہ لگایا۔ یوں ہاتھ لگانے تو گ وہ بھی کہاں گئے تھے۔ دلہن پاشا چودہ برس کی بیاہی سسرال آئیں۔ نویں مہینے ایک گڑیا سی بچی کی ماں بن گئیں پندرہ برس کی ننھی منی ماں اپنی ہی بچی سے یوں کھیلتیں جیسے ماں باپ کی سب سے بڑی اولاد اپنے چھوٹے بھائی بہنوں کے ساتھ کھیلے۔ کھاتے پیتے گھرانے کے بچے تو ویسے بھی جلد ہی جوانی کی منزلوں کو جا چھوتے ہیں۔ پھر دلہن پاشا کی تو ساری زندگی ہی ان کی اپنی بٹیا بی بی تارا تھی۔ اس کو بنانا سنوارنا سجانا اپنے ہاتھوں کھلانا پلانا! ماماؤں اور نوکرانیوں کی پلٹن ہونے کے باوجود اس کا ہر کام اپنے ہاتھوں کرنا۔ ہر دم ان کا یہی تو مشغلہ تھا۔

بی بی تارا کچھ ہی عرصے میں ماں کی بہن لگنے لگیں۔ دس گیارہ برس کی ہونے کے بعد تو وہ ماں کے جہیز کے کپڑے بھی پہننے لگیں۔ کیوں کہ ہاتھ پیر خوب نکل آئے تھے اس قدر کم فرق ماں بیٹی میں نظر آتا دادی حضور نے شروع ہی سے ماں کو بجائے امی حضور کے آپا کہنا سکھایا تھا۔ اب برسات کے دنوں میں کبھی جھولے پڑتے تو بی بی تارا ماں کا ہاتھ پکڑ کر گھسیٹتی آنگن میں لے جاتیں جھولے پہ بٹھا دیتیں۔ ہاتھوں میں ہاتھ دے کر بھگڑی کھیلتیں آگے پیچھے بھاگ کر آنکھ مچولی چھپنا بانی، لپا چھپی کھیلتیں، دیکھنے والے کہتے "اوئی! ایسا لگتا جیسا دونوں بہناں بہناں"۔ اور ادھر چند برس سے تو بی بی تارا باقاعدہ بڑی بہن لگتی اور ماں چھوٹی بہن۔

بی بی تارا کو گھر کے کام کاج سکھائے گئے۔ اسکول میں پڑھایا گیا۔ نوابوں کی حد تک جتنے بھی سینے پرونے، مہمان داری اور گھریلو زندگی کے کام کاج ہوتے ہیں۔ وہ تو نوکرانیاں نپٹ لیتی ہیں مگر بی بی تارا نے اپنے الھڑپن کے باوجود دستی دو دستی میں بہت کچھ سیکھ ہی لیا۔ سولہ برس کی شہد ٹپکتی عمر میں جب پیغام اس لیے ٹوٹ ٹوٹ برسنے لگے کہ اکلوتی ایک بٹیا کو تو نواب دولت یار جنگ ایک زمانہ سمیٹ کر دیدیں گے۔ تو دلہن پاشا کا دل دھڑکے ہو کر رہ گیا ۔۔۔ میری گڑیا مجھ سے چھن جائے گی میرا کھلونا مجھ سے بچھڑ جائے گا۔ نیند تو مقدر میں تھی ہی نہیں اب تو بالکل اکھڑ کر رہ گئی۔

شادی کی رات تھی اور یہ دن ۔۔۔ حیرت مندی بی تھیں کہ پھر کبھی تو شوہر سے پہل کرکے بات نہ کی۔ بستر کے قابل تو رہے ہی نہیں تھے۔ بات چیت بھی اگر وہ کر لیتے تو بس جواب دیدیتیں۔ یہ کبھی نہ ہوا کہ اپنی طرف سے انھوں نے بات میں پہل کی ہو۔ لیکن فکروں کا مارا کھایا ہوا۔ ان کا ترشا ہوا دل ہے کہ وہ اس دن پہلی بار ان کے پاس گئیں اور کہا "آپ باپ ہیں۔ جو بھی کریں گے میرے کو منظور ہے۔ مگر خدا کا واسطہ دیتیوں کی بی بی تارا کو گھر داماد دیو"۔

"گھر داماد مل جائیں گا۔" نواب صاحب ذرا شک بھرے لہجے میں بولے۔

"کیوں نہیں ملیں گا۔ آپ اتی بے حساب دولت دیں گے تو کوئی بھی گھر داماد قبول کرسکتا ہے" وہ ایک دم بھڑک اٹھیں "میں اب بڑائی باتاں نکالنا نہیں چاہتی مگر ایکچ بات بولتیوں کی میں اپنی بچی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکوں گی"۔

شاید زندگی بھر کے گناہوں کا کفارہ ادا کرنے کا بس ایک آسان ذریعہ نواب صاحب کو نظر آیا۔ محبت سے کہنے لگے "تم جو چاہتے ہو جیسا بولتے ویسا ہی انشاءاللہ ہوئیں گا!"

بی بی تارا یوں بیٹھی تھی۔ ہر طرف شادی کے ہنگاموں کی دھوم تھی۔ کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی۔ یہاں سے وہاں تک ایک طوفان سا پھیلا ہوا تھا۔ دلہن پاشا کی نیند کا ہے سے اڑ گئی تھی۔ بیٹی گھر کی گھر ہی میں تو رہنے والی تھی نا۔ اب تو یہ ساری بے کلی یوں بھی ہوئی تھی کہ پہلی رات کو جو رت جگا ہوا تھا اس نے اس کی سوئی ہوئی جوانی کو دھکے مار مار کر پھر جگا دیا تھا۔

رات کو وہ تو اپنے کمرے میں ہی تھیں مگر خاندان بھر کی بیاہی ان بیاہی لڑکیاں عورتیں، خواصیں، ماماٗیں، نوکرانیاں، دالان میں ہلڑ بازی مچائے ہوئے تھیں۔ شاہ آبادی پتھروں والے فرش پہ جاجم اور چاندنی اٹھا کر وہیں انگیٹھیاں اور چولہے جلا دیے گئے تھے۔ اور دھنادن پکوان پک رہے تھے گلگلے، پوڑے، بیسن کی پوریاں، ملیدے ۔۔۔ ایک طوفان تھا۔ یہ سارا پکوان شادی کے گھروں میں آنے جانے مہمانوں کے ساتھ توشے کے طور پر دیا جاتا تھا۔ اس وقت پکوان ہو رہے تھے اور ہنسی مذاق۔ ادھر میراثنیں کیا کسی سے کم تھیں۔ ایک سے ایک نخش گانے گاتے جارہے تھے۔

"اچھا ہمارا اگلا سرخ کیا گاتے گاتے"۔

ایک میراثن تنک کر بولی "اب میری جگہ کسی اور کو دیو۔ اور میرے کو ذرا آرام دیو"۔

"اچھا چلو" ایک کنیز شرارت سے بولی ۔۔۔ "اب ذرا پہیلیاں بوجھیں گے کتے"۔

"اچھا تو بولو میں بوجھتیوں"۔ دوسری بولی۔

"ایک خالہ زاد بولیں "اچھا جو پہیلی بوجھ کو دے وہ میری باندی بنے۔"

تیسری بولی "برابر بوجھ کو دیتی ہیں ۔۔۔ میرے کو بہت مسئلے اور پہیلیاں یاد ہیں"۔

"اچھا تو شروع ۔۔۔ بسم اللہ"۔

ایک تھال موتیوں سے بھرا
سب کے سر پر اوندھا دھرا
چاروں اور وہ تھال پھرے
موتی اس سے ایک نہ گرے

سب چلانے لگیں "اجی اللہ اتنا آسان! آسمان اور تارے ہیں"۔

"برابر ۔۔۔ اچھا اب دوسرا بولتیو۔ ذرا غور سے سننا" ایک ہنس کر بولی۔

چٹاخ پٹاخ کب سے
ہاتھ پکڑا جب سے
آدھا دیا کب سے
آدھا گیا جب سے
چپ چاپ کب سے
سارا گیا جب سے

ایک دم ہنسی کے ٹھٹھے ابلنے لگے، اور پہیلی بوجھنے والی کو گالیاں پڑنے لگیں۔ مگر وہ تنک کر کہنے لگی "دیکھے تمہارے دماغاں گندے ہیں۔ آجاٹو مار لیو۔ یہ تو امیر خسرو کی پہیلی ہے اسکا جواب ہے کنگن"۔ "اب سوچ بھلا"۔

اچھا ایک اور بوجھو:

بات کی بات ٹھٹھول کی ٹھٹھولی
مرد کی گانٹھ عورت نے کھولی

بی بی تارا جو سہیلیوں کے بیچ میں ہنستی مسکراتی، شرماتی لجاتی بیٹھی تھی دھیرے سے بولی "مقفل جابی"۔

دو ایک لڑکیوں نے اس کے دھوکے جوڑے "بڑی چتری ہے رو تو ۔۔۔ میں بھی سمجھ گئی تھی۔"

"اچھا ایک پہیلی بولتیوں اب" ایک طرار سی نوکرانی نے کہا "جو یہ پہیلی نہیں بوجھا اُسے میرا نوکر"۔


"ہاں بولو بولو" سب لڑکیاں چلائیں۔

"سوتے سوتے ہاتھ میں لے کر سوئے"۔

"حرام نادی ۔۔۔ تیرا دماغ تو بالکل اوچ نیچ کا ہے"۔ بقیہ صفحہ ۸ پر



سمیرہ حفیظ، عمر ۵ سال جنکی بسم اللہ (آمین) کا ہر ریعن ہوئی۔



فیصل لیاقت حسین

یہ بچوں کا سال ہے!

ہنس لیجئے

"کریسنٹ" بھی بچوں کی تصاویر شائع کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات اپنے بچوں کی تصویریں بھیج سکتے ہیں۔ (ادارہ)

پندرہ روزہ
کریسنٹ
بریڈ فورڈ
سورڈ شائر انگلینڈ

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝
سنو! کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف اور نہ غم ہوگا۔ (القرآن)

بھارت میں خونِ مسلم کی ارزانی!

بھارت کی سیکولر حکومت میں ہر مسلک و عقیدے کے آدمی کو اپنے عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی ہے ان میں سوشلسٹ۔ کمیونسٹ۔ آستک۔ ناستک۔ بدھ۔ جینی۔ پارسی۔ عیسائی سبھی لوگ شامل ہیں۔ لیکن اگر کوئی اقلیت محفوظ نہیں۔ تو وہ مسلمان ہیں۔ تیس برس میں تیس ہزار سے بھی زیادہ ایسے فسادات دیدہ برپا کرائے گئے جن میں مسلمانوں کو جان و مال کا نقصان پہنچانا مقصود تھا۔ بھارت کا شاید ہی کوئی شہر یا قصبہ ایسا ہو۔ جہاں مسلمانوں کے خون سے ہولی نہ کھیلی گئی ہو۔ جہاں ان کے مکانوں اور ان کی دکانوں کو نذرِ آتش نہ کیا گیا ہو۔ چند ماہ قبل علی گڑھ میں آباد مسلمانوں کو قتل کرنے اور اجاڑنے کے ساتھ مسلم یونیورسٹی کے مسلم تشخص کو بھی مجروح کیا گیا۔ جمشید پور میں زیادہ تر آبادی محنت کش مسلمانوں کی تھی۔ جو نہ سیاست سے سروکار رکھتے تھے نہ انہیں اپنے کاموں کی فرصت تھی۔ لیکن ان کی محنت بھی دشمن کا پھل بھارت ہی کو مل رہا تھا۔ متعصب ہندوؤں کو پسند نہ آیا۔ اور ان کو برباد کرنے کے جتن کیے گئے ابھی علی گڑھ اور جمشید پور کے زخم تازہ تھے کہ مغربی بنگال میں مسلمانوں کا قتلِ عام شروع کر دیا گیا۔ اور ہزاروں لوگ جان بچا کر بنگلہ دیش کی طرف بھاگنے پر مجبور کر دیئے گئے! مسلمانوں کو تبلیغ سے روکنے کے لیے ایک قانون تو پہلے ہی نافذ کر دیا گیا تھا کہ کوئی ہندو اب اسلام قبول نہیں کر سکتا۔ لیکن اب مسلمانوں کو بھارت سے نکالنے کے منصوبوں پر بھی بڑی تیزی اور شدت کے ساتھ عمل ہو رہا ہے۔ اور بھارت کا سیکولرزم وہ کھڑا تماشا دیکھ رہا ہے۔ وہ طاقتیں جو مغربی ممالک میں انسانی حقوق کے نعرے بلند کرتی رہتی ہیں۔ ان واقعات پر یوں خاموش ہیں جیسے وہ بھارت میں بسنے والے مظلوم مسلمانوں کو انسان ہی نہیں سمجھتیں۔ ورنہ کبھی تو کسی طرف سے تو یہ آواز اٹھتی کہ آخر بھارت میں بسنے والے مسلمان بھی انسان ہیں۔ ان کے بھی کچھ انسانی حقوق ہیں اور یہ حقوق انہیں ملنے اور محفوظ رہنے چاہئیں بھارت چاہے خوش ہیں کہ مسلمانوں پہ ہر جتنی ظلم و ستم روا رکھا جا سکتا ہے اور ان کی حمایت میں کسی طرف سے کوئی آواز نہیں اٹھتی! حتیٰ کہ بھارت سے اچھے تعلقات رکھنے والے مسلمان ممالک بھی خاموش ہیں۔

معنیٔ ذبحِ عظیم

ہے نبردِ عشق شرحِ معنیٔ ذبحِ عظیم
دخترِ طوطیس کی آدم گری میں کس کو شک
تیا ابتِ افعل کہلائے کس کے جو ما ذا ترٰی!
جس کی خاطر سینۂ صحرا سے زمزم کا ظہور
جس کے سر پر شہپرِ جبریل نے سایہ کیا
جس نے بے آباد وادی کو بسایا ذکر سے
کس نے اسمٰعیلؑ کو سکھلائے آدابِ فنا؟
پیرِ صحرائی نے سچا کر دکھایا خواب کو
وہ موحد قول جس کا: لا اُحِبُّ الْآفِلِین
جو بتوں سے پوچھتا ہے: مالکم لا تنطقون؟
ربِ نادیدہ کا قائل ہے گو بے چین ہے
چاند سورج کو بھی گنتا ہے تاروں کو نہیں
شب ستودۂ فہم ہو نزولِ الہام کا
جس کے سینے میں ہم ایمان و اطمینانِ قلب
وہ حنیفِ پاک مشرب بندۂ مقبولِ رب
منزلِ تسلیمِ جاں ہے یہ مقامِ شکر ہے
جانِ عاشق مقتلِ مستغرقِ جاناں ہے
موت کو اہلِ بصیرت زندگی کا نام دیں
لن تنالوا البر حتیٰ تنفقوا سے ہے عیاں
ہے شہیدوں کے لہو سے آب و رنگِ زندگی
سربلند و سرفراز اسلام قربانی سے ہے
راہروِ آرامِ جاں کو نذرِ منزل کر چکے
جا بجا و مسلم شہیدِ علم ہو کر رہ گئے:
کارپردازانِ ایامِ شبستانِ شہود
ہے حکمت نادرِ مقدور انسانِ ضعیف
ہم بھی اپنے باپ ابراہیمؑ کی ملت سے ہیں
دو ذبیحوں کا جو اپنے آپ کو بیٹا کہے

شیوۂ تسلیم ہے عشاق کی رسمِ قدیم
جدِّ ختم المرسلیں ہے جس کا فرزندِ حلیم
یہ سعادت یہ اطاعت کیش قلبِ سلیم!
جس کو دیکھا چشمِ ظاہر بیں نے بے یار و ندیم
جس کی خاطر وحشت و سترِ خوانِ اُلوالِ نعیم
وہ کہ معمارِ حرم ہے محرمِ حق و حریم
کس کا دامانِ صفا ہے حقیقۂ ذرّیتیم؟
اور دیکھا برملا ذٰلک فضل اللہ ذو فضلٍ عظیم
ہے جو مصداقِ عذرِ پناہ القراط المستقیم
جس کو قدرت نے سمجھایا حیلۂ اِنّی سقیم
جو سمجھتا ہے کہ ہاں لا لظّلمین من حمیم
دھجیاں ڈالے دلِ مومن میں شیطانِ رجیم
بوجہ اشاعت کے لیے درکار ہے مردِ حکیم
وہ خلیل اللہ ابراہیمؑ ذو خُلقٍ عظیم
کاروانِ عزم و ہمت کا وہ سالارِ زعیم
حق تو یہ ہے ذٰلک فضل من اللہ العظیم
ہے گواہ اس کا غبارِ طورِ سینائے کلیم
ہے یہی رمزِ حیاتِ تازۂ عظمِ رمیم
رائیگاں ہوا و مکارم کی مساعی ہے عقیم
ہلکہ ان کی ملک لا تبقیٰ جناتِ النعیم
حبِّ جان و مال ہے کارِ خبیثانِ لئیم
گو ہے سینوں میں بپا آویزشِ اُمید و بیم
کرب آگاہی سے رہتا ہے دلِ زندہ دو نیم
ہیں مسافر دیکھنے والوں کو لگتے ہیں مقیم
عالمِ غیب و شہادت ہے فقط ربِّ کریم
ہے مقرر ہر کوئی اِلّا من ھو صالِ الجحیم
اس ہی عدنانی کا ہم پر ہے فیضانِ عمیم

دے ہمیں توفیقِ تقلیدِ سمٰعیلؑ و خلیلؑ
یا علیم و یا حلیم و یا کریم و یا رحیم!

○ عبدالعزیز خالد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اگر تم نے گناہوں سے بچایا تو جان رکھو کہ جو کچھ کرتے ہو اللہ کو اس کی خبر ہے۔ (القرآن)

جسارت

جمعہ ۲۶ ذیقعدہ ۱۳۹۹ھ ۱۹ اکتوبر ۱۹۷۹ء

پاکستان میں ہونے والے انتخابات ملتوی کرنے کے ساتھ ساتھ اخبارات پر بھی سنسر لگا دیا گیا ہے۔ کئی اخبارات بند کر دیے گئے ہیں۔
روزنامہ "جسارت" کراچی کا ۱۹ اکتوبر کا اداریہ سنسر کی نظر ہو گیا۔
اداریے کی خالی جگہ ان الفاظ سے حاملہ ہے
الفاظ نکتہ آفریں ہیں

ہمارے حکمرانوں کو کب الفاظ کا تقدس معلوم ہوگا۔؟
کتنا خون اور بہے گا۔؟
حکمرانو یاد رکھو!
ہم آزاد ہیں — !!

آدابِ معاشرت

نماز باجماعت

[illegible]

جھوٹی حدیث

[illegible]

مسلمان کا قتل کفر ہے

[illegible]

گھر کو قبرستان نہ بناؤ

[illegible]

مسجد کی تعمیر کرانا


[illegible]

کمزوروں کی امداد

[illegible]

والدین کی خدمت

[illegible]



- اس سازش میں
- کس نے
- کس مقام پر،
- کیا کردار ادا کیا؟

انتخابات کی منزل پھر آنکھوں سے اوجھل ہو گئی

"زندگی" کا بے لاگ سیاسی تجزیہ

"زندگی" نے چار ہفتے قبل قوم کو اس سازش سے آگاہ کیا تھا جو ۱۷ نومبر کو انتخابات کے انعقاد پر منتج ہوگی۔ ۱۷ نومبر کی منزل اب خواب و خیال بن کر رہ گئی ہے۔ اس حقیقت کو خواب بنانے میں جن جن ہاتھوں نے [illegible] ایک گیا، ان کے چہرے اجنبی ہیں نہ ان کی صورتیں بیگانہ۔ ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ جو سیاست کا یہ سرطان اقتدار کی مسند پر بھی نظر آتا ہے اور سیاست کی دہلیز پر بھی دکھائی دیتا ہے۔ چنانچہ ان کی عموی نشاندہی میں خاصی احتیاط کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس کے باوجود ہم "احتیاط" اور اس کے ہر ہر تقاضے سے گزرتے رہے۔ آج حکومت و سیاست نے ملک اور قوم کو جس صورت حال سے دوچار کر دیا ہے وہ کوئی اتفاقی حادثہ نہیں، بلکہ ایک مستقل سلسلہ تھا ہے، جس کی ایک ایک کڑی نے مل کر وہ مضبوط زنجیر تیار کی جو منہ زور حالات کو گرفت میں لیتی گئی اور آج حالات یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ حالات سے بس، واقعات بے دم اور سیاست کے "بدھو میاں" گھر لوٹ آئے ہیں۔ مالیا کیوں ہوا، کس نے کرایا؟ ہم عریاں تفصیلات کا یارا نہیں رکھتے مگر معروف اشاروں کی مدد سے سب کچھ عرض کرتے ہیں۔

سیاسی جماعتوں کے قانون میں ترمیم کی گئی تو اس کے کئی اجزا کا قوم نے خیر مقدم کیا اور بعض جز وہ پیر آنکھ کا کانٹا بن گئے۔ چنانچہ سیاسی جماعتوں نے واویلا کیا۔ مگر حکومت کے مضبوط اعصاب پر کچھ اثر نہ ہوا۔ اچانک کچھ تبدیلی آئی اور دیکھتی آنکھوں پہلے بعد دیگرے پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کی ترمیم کے نتیجہ میں ظہور میں آنے والی دیگر ترامیم بھی واپس لی جانے لگیں۔ پہلے حالانہ جماعتی انتخاب کی شرط واپس لی گئی۔ پھر اس ایکٹ کو متناسب نمائندگی کے قانون سے وابستہ کر کے متناسب نمائندگی کے طریق کار کو بدلا گیا جس میں ہر سیاسی جماعت کو یہ رعایت دی گئی کہ وہ صوبوں میں ۵ فیصد ووٹ کی بجائے قومی سطح پر ۵ فیصد ووٹ حاصل کرے اور آزاد امیدواروں کی "خود ساختہ پیدائش" کو یوں روک دیا گیا کہ وہ اپنے اپنے حلقہ انتخاب سے کم از کم ۵۰ فیصد سے زائد ووٹ حاصل کر کے کامیابی کا سرٹیفکیٹ پا سکیں گے۔ جب معاملہ یہاں تک پہنچ گیا تو سیاسی جماعتوں نے بھی تھوڑی سی پسپائی اختیار کی اور مالی گوشوارے جمع کرانے کے فیصلے قبول کر لیا۔ اس ضمن میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ پاکستان قومی اتحاد اور اس کی وابستہ جماعتوں نے تو آمد و خرچ کے مکمل حسابات پیش کئے مگر پی پی پی نے صرف ۷۰ء۹ میں قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے امیدواروں سے فی کس ۵۰۰ روپے اور ۱۰۰۰ روپے برائے قومی اسمبلی حاصل ہونے والی آمدنی کو ہی ظاہر کیا جب کہ اس آمدنی کے بھی اخراجات کی مدات کو مخفی رکھا کہ یہ "امانت" میں آتا ہے۔

اس کے بعد سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن کا مرحلہ در پیش تھا۔ اس معاملہ پر قومی اتحاد، پی پی پی، پی این پی، این ڈی پی، پاکستان مسلم لیگ چٹھہ گروپ اور دیگر اہم سیاسی جماعتیں متفق الخیال تھیں کہ یہ شرط سیاسی جماعتوں کی تذلیل ہے لہذا اسے واپس لیا جائے۔ اس پر تنازع بہت بڑھا تو حکومتی حلقوں نے بھی یکمشت واپسی مناسب نہ سمجھی اس سے پہلے حکومت نے متناسب نمائندگی کے طریق کار کو سیاسی جماعتوں کے بالکل حسب حال بنا دیا تھا۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ حکومت نے محض سیاسی عناصر کی خوشنودی کے لیے متناسب نمائندگی کے طریق کار میں بعض ایسی تبدیلیاں بھی ہونے دیں [illegible] کا گر کی شرط پوری نہ کر کے میدان انتخاب سے آؤٹ ہو چکی تھی جب کہ قومی اتحاد رجسٹریشن کے دوسرے مرحلے پر آؤٹ ہونے والا تھا کہ خود اس کی صفوں میں بعض معقول عناصر نے پیمانہ اتفاق کو اگر رجسٹریشن کے مسئلہ کو خواہ مخواہ طول دیا گیا تو ۱۷ نومبر کی باقہ آتی رستی اس کھینچا تانی میں ٹوٹ جائے گی۔ مگر "اتحاد" میں موجود بعض "اصحاب دانش" نے اس آواز کو صدا بصحرا سمجھا اور انہوں نے برابر یہ کہا کہ رجسٹریشن کی شرط نہیں مانی جائے گی۔ جب ان سے دلیل مانگی گئی تو جناب پیر صاحب پگارا نے فرمایا: "جب الیکشن ہی ۱۹۸۲ میں ہونے ہیں تو پھر ابھی سے رجسٹر ہونے کی کیا ضرورت ہے۔" لہذا اس شرط کو مسترد کر دیا جاتا ہے۔ چنانچہ مولانا مفتی محمود اور نوابزادہ نصراللہ خان نے اپنی بعض مجبوریوں کے باعث پیر صاحب کی خواہشوں کی تکمیل کی حامی بھر لی جب کہ جماعت اسلامی نے اس امر کی بھرپور مخالفت کی کہ ہم التوائے انتخابات میں فریق نہیں بنیں گے اور ہر صورت میں ۱۷ نومبر کو عام انتخابات کے انعقاد کی کوشش کریں گے۔ اگرچہ مقصد رجسٹریشن سے حاصل ہوتا ہے تو ہمیں یہ بھی گوارا ہے۔ مگر ۱۷ نومبر کو ہاتھ سے نہیں جانے دیں گے۔ جماعت اسلامی نے یہ بھی واضح کر دیا کہ اگر ایک مرتبہ انتخابات ملتوی ہو گئے تو پھر انتخابات کی منزل بہت دور ہو جائے گی۔

ان حالات میں جب جماعت اسلامی نے دیکھا کہ اس کے حلیفوں نے معقولیت کے تمام دروازے بند کر دیئے ہیں تو انہوں نے اتحاد سے علیحدہ رجسٹریشن اور انتخابی نشان کے لیے درخواست گزار دی۔ جماعت رجسٹر ہو گئی تو اس نے صدر پر زور دیا کہ قومی اتحاد اور دیگر جماعتوں کو بھی انتخابی معرکہ سے الگ نہ رکھا جائے۔ چنانچہ صدر نے اتحادی رہنماؤں اور دیگر سیاسی عمائدین سے وسیع ملاقاتیں کیں۔ نتیجۃً رجسٹریشن کا لفظ واپس لے لیا گیا جس سے اتحادیوں کو ارجی تھی مگر باقی شرائط جوں کی توں قائم رہیں اور اب الیکشن کمیشن نے جو سوالنامہ جاری کیا ہے، اسے دیکھ کر ہر شخص اندازہ کر سکتا ہے کہ رجسٹریشن کا لفظ موجود ہو یا غائب، ہونا تو پہلے بھی یہی تھا اور اب بھی یہی ہو رہا ہے۔ اور اب "اتحادی" خوش بھی ہیں، آخر وہ ایسا کرنے سے پہلے کیوں گر رہا تھا ہے؟ اس قدر تاخیر سے انہوں نے اس شرط کو مانا ہے تو نتیجۃً انتخابات کا شیڈول بھی بگڑ رہا ہے۔ آخر کیوں؟ اور اس کے ساتھ ہی عام آدمی یہ اندازہ کر لیتا ہے کہ عام انتخابات کے التواء میں قومی اتحاد واحد ذمہ دار ہے اور اب تو یہ بات ریکارڈ پر آگئی ہے کہ مفتی صاحب اور نوابزادہ صاحب نے صدر سے باقاعدہ درخواست کر دی ہے کہ انتخابات مارچ ۸۰ء میں کرائے جائیں۔ آیئے ذرا ان اتحادیوں کے اس کردار و عمل کا مختصر سا جائزہ لیں۔

ایک طرف الیکشن شیڈول کا اعلان ہو چکا تھا اور ۱۷ نومبر کی تاریخ قریب آرہی تھی، دوسری طرف بعض عناصر ایسے بھی تھے جو ملک بھر سے جمع ہو کر صدر کے پاؤں پڑ رہے تھے اور یہ درخواستیں گزار رہے تھے کہ بحالات موجودہ انتخابات کا فعل "فعل مباح" نہیں۔ یہ عناصر کون تھے؟ صدر سے التوا کی گزارش کرنے والا وفد جناب امیر عبداللہ روکڑی کی قیادت میں باریاب ہوا۔ جناب روکڑی صاحب مسلم لیگ کا اثاثہ ہیں۔ اس کے بعد کیمبل پور کے اعوانوں اور جاگیرداروں کا ٹولہ ملا۔ وہ بھی مسلم لیگیوں کی اسی نسل کا ورثہ ہے جو کبھی کانگریس میں تھی، کبھی آل انڈیا مسلم لیگ میں، کبھی ری پبلکن پارٹی اور کبھی یونینسٹ میں، کبھی کنونشن اور کبھی پی پی پی میں اور آج پھر اپنے اصل روپ میں صدر سے بغل گیر ہوئی کہ خدارا! انتخابات کی لعنت سے ہمیں بچا لیجئے! بلوچستان سے یہی گزارش نواب عثمان جوگیزئی لے کر آئے اور گویا یہ جتانا کہ وہ بھی اسی "مادر پاکستان" کا فرزند دلبند ہے جسے عرف عام میں مسلم لیگ کہتے ہیں۔ سندھ سے یہ نیک مشورہ جناب ایوب کھوڑو نے دیا۔ کھوڑو صاحب کون ہیں؟ ہو سکتا ہے پیر صاحب پگارا کو ان سے کوئی معاصرانہ چشمک ہو، لیکن ان کے مسلم لیگی آل اولاد ہونے پر کیسے شبہ ہو سکتا ہے؟ سرحد سے جو بھی قبا آئے، وہ بھی سب کے سب مسلم لیگ کی دین تھے۔ ایک طرف ایوان حکومت میں یہ تماشا ہو رہا تھا، دوسری طرف پیر صاحب پگارا ہنس ہنس کر قوم کو چڑانے میں مصروف تھے۔ روزانہ وقفے وقفے سے خوشخبریاں سناتے کہ انتخابات میں نے جو کہا ہے کہ ۱۹۸۲ء میں ہوں گے۔

مفتی صاحب گو یہ آس بھی کہ شاید انتخابات کے آتے آتے اتحاد کا دائرہ مزید وسیع ہو جائے گا، لیکن عملاً ان کی ناکامیوں نے اتحاد کو بھی بکھیر دیا۔ اب جب سب کچھ منوا کر وہ آپس میں نشستوں کی تقسیم پر بیٹھے تو پیر صاحب کی ایک ہی گرج نے سب کے چھکے چھڑا دیئے۔ قومی اتحاد کی ایک عالیہ مجلس (منعقدہ اسلام آباد) میں مسلم لیگ کے سربراہ نے "جنج جاتی اتحاد" کے سربراہ کو ان کا اور ان کے حواریوں کا فرداً فرداً اور اجتماعی وزن کر کے بتایا کہ وہ "من میں کل آٹھ سیر ہیں" جبکہ پیر صاحب ۳۲ سیر ہیں۔ لہذا اتحاد کے ۸۰ فیصد ٹکٹ مسلم لیگ کو جانے چاہئیں۔ اس پر سب نے احتجاج کیا کہ ایسا نہیں ہو سکتا! پیر صاحب نے متبادل راستہ یہ تجویز کیا کہ پھر انتخابات کو غفرلہ ہونا چاہیئے۔ چنانچہ اسی رات مفتی صاحب، نوابزادہ صاحب اور چوہدری ظہور الٰہی نے صدر صاحب سے ملاقات کی اور درخواست کی، تاریکی میں انہیں مشورہ دیا کہ انتخابات مارچ ۸۰ء تک ملتوی کر دیئے جائیں۔

ہم نے جیسا کہ اوپر اشارۃً عرض کیا ہے، انتخابی عمل کے دشمن ہونے میں سب سے بڑا کردار بیوروکریسی کا ہے اور ان صنعت کاروں اور سرمایہ داروں کا ہے اور اسے دونوں کے بعد ان سیاسی عناصر کا ہے جن کے سیاسی سنگھاسن انہی دو عناصر کے کندھوں پر رکھے ہیں۔ بیوروکریسی انتخابات کیوں ملتوی کرانا چاہتی ہے؟ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں کہ آج جس قدر بیوروکریسی منہ زور ہے، اس قدر وہ سابق کسی دور میں بھی نہ تھی۔ جہاں تک سیاسی اقتدار کا تعلق ہے پیر صاحب آخر کس برتے پر یہ کہتے ہیں کہ انتخابات ۸۲ء ہے وہ کس قدر بدترین نوعیت کیوں نہ رکھتا ہو، بیوروکریسی میں ہوں گے۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ انہیں اس ملک کی کوہ اس کے اندر پہ چھوڑے نکالنے مشکل ہو جاتے ہیں بیوروکریسی سے گہری نیازمندی ہے؛ چنانچہ وہ اسی کی اس کی یہی کیفیت اور حضرت ایوب دور میں بھی برقرار رہی۔ خواہشات پر یہ سب کچھ کرنے میں مصروف ہیں۔ کچھ انہیں پیچھے ۔۔ جس بھی قائم رہی اور اب تو قائم و دائم ہے۔ اس ملک کے صنعت و سرمایہ سے وابستہ کرتے ہیں اور بس اسے الرجی ہے تو سیاسی اقتدار سے جس کا وہ برملا کہتے ہیں کہ آپ ان کے ہاتھ میں کھیل رہے ہیں اور نام نہاد سایہ بھی برداشت نہیں کر سکتی۔ آج کون نہیں اکثر ان کے بارے میں دبے دبے لفظوں میں یہ کہتے سنائی جانتا کہ ہمارے اموِ مملکت میں ملک غلام اسحٰق خان کے دیتے ہیں کہ انہیں دراصل جی ایچ کیو کی بعض با اثر شخصیتوں "جنبش قلم" اور جناب "آغا شاہی کے اشارہ ابرو" کو کا ہمراز ہونے کا شرف حاصل ہے، اس لیے وہ جب بھی پیشین گوئی کے انداز میں کوئی بات کرتے ہیں تو عموماً ان کی بات کو اہمیت دی جاتی ہے۔ یہ بات بھی مسلمہ ہے کہ پیر صاحب، صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق کو اہم سیاسی معاملات میں بھی خاطر میں نہیں لاتے، اس کی تازہ ترین مثال یہ ہے کہ ایک طرف صدر صاحب ۱۷ نومبر کی گردان کر رہے تھے، تو دوسری طرف پیر صاحب ۱۹۸۲ء کے اوراد وظیفہ میں مصروف تھے اور اب یہ ثابت ہو گیا ہے کہ ہو سکتا ہے صدر صاحب طاقت میں پیر صاحب پر بھاری ہوں، لیکن ان کی کہاوت کے مقابلے میں پیر صاحب کے "پیچ کو ہو پیچ" نہیں۔ اور کس قدر دخل ہے؟

جہاں تک صنعت و سرمایہ کا سیاست سے ہیر پھیر کا تعلق ہے، وہ بھی کوئی مخفی حقیقت نہیں۔ ہر عہد آمریت میں اس طبقہ کے مفادات کو تحفظ ملا ہے۔ لیکن دنیا نے دیکھا کہ بھٹو کے نام نہاد سیاسی دور میں اس طبقے پہ کیا گزری؟ آج حکومت نے صنعت کار اور سرمایہ دار کو جس قدر سہولتیں فراہم کی ہیں وہ اپنی جگہ مقروض سہی، لیکن ان کا کسی دوسرے عہد میں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

ان تمام تر سہولیات و تحفظات کے باوجود یہ طبقہ آج بھی آنے والے وقتوں کا خوف اپنی چھڑی میں رکھتا ہے۔ اس تواتر سے ہمیں یہ کہنے میں کوئی باک نہیں کہ شپنگ والے مصنفہ گر کا صدر صاحب کی حدود مشاورت سے نکل آنا دراصل اسی "اندیشہ فردا" کا لازمی نتیجہ ہے۔ چنانچہ آج صنعت و سرمایہ مل کر اس امر کی بھرپور کوشش

پیر صاحب کے اس جلی و خفی طرز عمل نے قومی اتحاد کے مجموعہ کو بھی متاثر کیا اور اس وقت مفتی صاحب نے انتخابات کے بارے میں جو طرز عمل اختیار کیا ہے وہ درحقیقت اسی

کر رہے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح انتخابات کو ٹالا جائے اور موجودہ حکومت کے دوام کی تدبیر کی جائے جس کے سایہ میں کوئی اور پھلے نہ پھلے یہ ضرور پھولیں گے۔


اس طرح بیوروکریسی کی طاقت پورے ملک سے "سیاسی کوڑا" جمع کر کے بارگاہ ضیاء میں باریاب کر رہی ہے اور انہیں "حضرت سرکار" میں خوب طاق کر رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی اخبارات اور ریڈیو، ٹی وی کے ذریعے انہیں اشتہار بھی بنا رہی ہے اور یوں کھوٹے سکوں کو چمکا رہی ہے کہ اس وقت بازار دنیا میں کون سی جنس کی مانگ ہے؟

دوسری طرف صنعت کار اور سرمایہ دار اپنا سب کچھ بچانے کے لیے تھوڑا بہت بہا دینا چاہتا ہے اسے بیک وقت بیوروکریسی تک بھی رسائی حاصل ہے اور سیاسی عناصر بھی ہمیشہ سے اس کے محتاج ہیں۔ اب یہ تینوں عناصر بیوروکریسی، صنعت و سرمایہ اور سیاسی کوڑا مل کر جنرل ضیاء الحق کو گھیرے میں لے چکے ہیں، شاید ان کے دام ہمرنگ زمین میں پھنس چکے ہیں۔ اب ان کا اگلا قدم کیا ہو؟ وہ اس سارے تجزیے کی روشنی میں چھپا نہیں رہ جاتا۔

ہفت روزہ زندگی

کوئی بھی سیاست دان اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کو تیار نہ تھا: صدر ضیاء الحق

راولپنڈی ۱۷ اکتوبر صدر مملکت جنرل ضیاء الحق نے آج رات ۳۲ منٹ کی نشری تقریر میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے سیاسی صورت حال کا اجمالی جائزہ پیش کیا اور بتایا کہ سیاسی جماعتوں نے ملکی مفاد کو اپنی ذاتی مصلحتوں اور مفاد پر قربان کر دیا اور انتخابات کو وقت پر منعقد کرنے کا تہیہ کر لیا انہوں نے کہا کہ میری اور میرے رفقا کار کی پوری کوشش رہی ہے کہ انتخابات ہو جائیں مگر سیاسی جماعتوں کے طرز عمل سے صورت حال پیچیدہ ہو گئی اور حکومتی انتخابات کے التوا جیسا تکلیف دہ اقدام اٹھانا پڑا۔ صدر محمد ضیاء نے کہا کہ ان کا مثبت نتائج حاصل کرنے کا مطلب صرف اور صرف یہ تھا کہ حکومت ایسے ہاتھوں میں جائے جو ملک کی باگ ڈور اسلام کے مطابق چلا سکے اور جمہوریت قائم رکھ سکے مگر یہ اقدام کرنا پڑا اس لیے کہ کوئی بھی سیاستدان اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کو تیار نہ تھا۔ صدر کی نشری تقریر سے قبل اور بعد میں پاکستان ٹیلی ویژن سے ملی ترانے نشر کئے گئے صدر مملکت کی تقریر ساڑھے آٹھ بجکر تیرہ منٹ پر شروع ہوئی اور بجکر پچاس منٹ پر ختم ہو گئی۔ صدر نے کہا کہ بعض سیاسی پارٹیوں نے جمہوریت پسندی کی بجائے قومی مفاد و مصلحت و مفاد پرستی کا ثبوت دیا اور انہوں نے انتخابات میں حصہ لینے کی غرض سے تمام تقاضے پورے کر دیئے اور دوسری سیاسی پارٹیوں نے انتخابات سے گریز کی تھی کے پیش نظر ایسے کے بعد دوسرا راستہ نہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ ان سیاستدانوں نے ذاتی مفادات اور پارٹی کے مفاد کو ترجیح دی۔



مشتاق محمد کو قومی کرکٹ ٹیم میں شامل نہیں کیا جائے گا؟

اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ پاکستانی کرکٹ ٹیم اس وقت اپنی تاریخ کی بدترین سیاست سے دوچار ہے اور شاید اسی سیاست کے نتیجے میں ایڈہاک کمیٹی کے چیئرمین ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل کے ایم اظہر نے ...

خلاف آئی آئی سے والوں کا کام ہے۔ لیکن قومی ٹیم میں جو خرابیاں پیدا ہوگئی ہیں ...



بھارت کے خلاف ... آصف اقبال



... کاروائی کرنے ... کیا ... ہے؟

اس وقت عوام کا رد عمل کیا ہوگا اس کا اندازہ ابھی وہ نہیں کر سکے۔

جنرل اظہر نے گزشتہ دنوں لاہور میں پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کا یہ دورہ غیر ... کا ... کا ... خوشگوار ماحول میں ختم ہوگا۔ ...

مشتاق محمد کھلاڑی ماجد خان

لیاقت ڈیسائی معاہدہ قیام پاکستان میں التوا کا باعث بن سکتا تھا: شریف الدین پیرزادہ

اسلام آباد ــــــ پاکستان کے اٹارنی جنرل مسٹر شریف الدین پیرزادہ نے لیاقت ڈیسائی معاہدے ...

کوئی ادارہ فنانس کمپنی کے طور پر کام نہیں کر سکتا

سٹیٹ بنک کو فنانس کمپنیوں کی تحقیقات کے لیے ضروری اختیارات دے دیئے گئے

غیر قانونی طور پر بنکاری کا دھندہ کرنے والے ادارے اور افراد متعلقہ املاک فروخت نہ کر سکیں گے

اسلام آباد ــــــ (اپ ر) صدر مملکت نے آج بنکنگ کمپنیوں کے بارے میں ۱۹۷۹ء کا ترمیمی آرڈیننس نافذ ... کمپنیز (ترمیمی) آرڈیننس ۱۹۷۹ء جاری کر دیا ہے۔ بنکنگ کمپنیز ترمیمی آرڈیننس کے تحت سٹیٹ بنک آف پاکستان کو اس امر کا اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس بات کا جائزہ لے سکتا ہے کہ کوئی کمپنی یا شخص بنکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ء کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بنکاری تو نہیں کر رہا۔ آرڈیننس کے تحت ایسے ... کی ... ہے ... غیر قانونی بنکاری کا دھندہ کرنے والے افراد یا ادارے اپنے اثاثوں کو ... اور افراد کا کاروبار بند کر دے جبکہ ان کے خلاف دیوالیہ قرار دینے کی کاروائی کی جائے۔ کمپنیز ترمیمی آرڈیننس ۱۹۷۹ء ...

... کر غیر قانونی ... یا مقاصد کے پیش اعلان کرنے والی کمپنیوں کے قیام کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس امر کا اہتمام بھی کیا گیا ہے کہ قانون کے صحیح اطلاق کے لیے مختلف ... کی تحقیقات کی جائے۔ علاوہ ازیں بد انتظامی یا امکانات ... کو روکنے کے لیے اقدامات کئے جائیں۔

پی آئی اے کو تین ایئربسیں اور جمبو جیٹ مارچ تک مل جائیں گے۔ انور جمال

لاہور ــــــ پی آئی اے کے ... جناب انور جمال نے کہا ہے کہ پی آئی اے ... ایئربس اور جمبو جیٹ ... مارچ تک ... مل جائیں گے ...

احمد آباد میں خونریز مسلم کش فساد، شہر میں کرفیو

ہندو بلوائیوں نے مسلمانوں کی بستیوں پر حملہ کر دیا۔ مشتعل بلوائیوں پر قابو پانے کیلئے پولیس کی فائرنگ، آنسو گیس کا استعمال



فسادات پر قابو پانے کیلئے حفاظتی پولیس اور فوج کے دستے طلب کر لئے گئے

۳۶ گھنٹے کا کرفیو لگا دیا گیا۔ مسلمانوں کی بستیوں میں زبردست خوف و ہراس

دس سال قبل اکتوبر ہی کے مہینے میں احمد آباد میں ۵ ہزار مسلمان شہید کئے گئے تھے

نئی دہلی ۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) بھارتی صوبے گجرات کے اہم صنعتی شہر احمد آباد میں خونریز مسلم کش فساد کے بعد گزشتہ آدھی رات سے ۳۶ گھنٹے کا کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ شہری حکام نے بھارتی حفاظتی پولیس اور فوج کے دستوں کو طلب کر لیا ہے۔ متعدد افراد کے ہلاک و زخمی ہونے کی اطلاع ملی ہے تاہم حکام ان کی صحیح تعداد بتانے سے انکار کر رہے ہیں۔ آج دوپہر بھی کرفیو میں دو گھنٹے کے وقفے کے دوران بلوائیوں نے دریاپور کی مسلمان بستی پر حملہ کر دیا۔ حفاظتی دستوں کو انہیں منتشر کرنے کے لئے گولیوں کے کئی راؤنڈ اور آنسو گیس استعمال کرنا پڑی۔ کرفیو دوبارہ کل صبح تک کے لئے نافذ کر دیا گیا ہے۔ احمد آباد میں ہندو مسلم فسادات کل دوپہر شروع ہوئے۔ تشدد کی وارداتیں رات گئے تک جاری رہیں۔ مقامی پولیس جب متصادم گروپوں کو منتشر کرنے میں ناکام ہو گئی تو اس نے پہلے آنسو گیس اور لاٹھی چارج کا سہارا لیا اور بعد میں گولی چلا دی۔ آل انڈیا ریڈیو کے مطابق بلوائیوں نے پولیس پر بھی پتھراؤ کیا جس سے آٹھ پولیس والے زخمی ہو گئے۔ فسادات کی وجہ سے پورے شہر میں مسلمانوں کی بستیوں میں سخت خوف و ہراس پیدا ہو گیا ہے۔ واضح رہے کہ احمد آباد میں حال ہی میں ہندو مسلم فساد ہو چکا ہے اور دس سال قبل اکتوبر ہی کے مہینے میں ۱۹۶۹ میں گجرات کی صنعت کے اس سب سے بڑے مرکز میں بدترین فسادات ہوئے تھے جن میں پانچ ہزار مسلمان شہید ہو گئے تھے۔ ان میں سینکڑوں کو زندہ جلا دیا گیا تھا۔

(حسنات)

NEW CANADA SAVINGS BONDS NOW

11% FIRST YEAR

10½% NEXT 6 YEARS

INCREASED RATE OF RETURN

گزشتہ بانڈز کی نئی سیریز پر سالانہ شرح سود پہلے سال ۱۱ فیصد اور باقی ۶ سال ۱۰.۵۰ فیصد ہے یعنی سالانہ اوسط شرح ۱۰.۵۹ فیصد ہے جس نے بھی بانڈز خرید لئے ہیں یا خریدنے والے ہیں انہیں یہی شرح سود ملے گی جبکہ سرٹیفکیٹ پر پرانی ہی شرح سود لکھی ہوگی۔



نئی سیریز کی بنا پر ۱۰۰ ڈالرز ابھی سات سالہ میعاد کے بعد ۲۰۷.۳۷ ڈالرز بن جائیں گے

EASY TO BUY

نئے کینیڈین سیونگ بانڈز آپ کو اپنے ہی بینک یا انویسٹمنٹ کمپنی سے مل سکتے ہیں۔ آپ انہیں کتنی ہی رقم سے خرید سکتے ہیں مگر زیادہ سے زیادہ ۵۰۰۰۰ ڈالرز تک۔ آج ہی خریدئے۔

SAFE, SECURE AND SIMPLE TO CASH

نئے کینیڈین بانڈز بالکل محفوظ ہیں جو آپ کو سال ہر سال بہتر شرح سود ادا کرتے ہیں۔ کینیڈا کی دولت انکی ضمانت ہیں اور جب بھی ضرورت ہو انہیں آسانی سے کیش کرایا جا سکتا ہے۔

A CHOICE OF BONDS

کینیڈین سیونگ بانڈ کی قسم کے ہیں پہلی قسم ہر سال یکم نومبر کو نئے اور بہتر ریٹ پر آپکو سود ادا کرتی ہے۔ دوسری قسم سود در سود والی ہے جسکی سالانہ آمدنی خود بخود ایک جیسے میں رقم بڑھتی رہتی ہے جہاں آپکے سود پر بھی سود بنتا ہے

RETURN ON PAST SERIES INCREASED

The rate of return on all outstanding Series of Canada Savings Bonds has been increased to 11% for the year beginning November 1, 1979 and to 10½% for each remaining year until the bonds mature. For Series dated before November 1, 1977 the increased return will be paid through an increase in the value of the cash bonus payable on the maturity date of the bonds. For the last two Series the higher rates will be payable for each remaining year until the bonds mature. Complete details are available where you bank or invest.

CANADA SAVINGS BONDS - A BETTER CHOICE THAN EVER



ایران میں نئی حکومت دو ماہ تک قائم ہو جائے گی

وزیر خارجہ ابراہیم یزدی

پیرس ۔۔۔ (اے پی) ایران کے وزیر خارجہ ابراہیم یزدی نے کہا ہے کہ ایران میں دو ماہ تک نئی حکومت قائم ہو جائے گی۔ وزیر خارجہ جو پیرس سے واپس یہاں پہنچے تھے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت ایران میں تیل کی پیداوار چالیس لاکھ بیرل سالانہ ہے اور اس میں اضافہ نہیں کیا جائے گا کیونکہ یہ مقدار ملک کی ترقیاتی ضروریات کے لئے کافی ہے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ نئے آئین کے بارے میں استصواب اور نئے صدر اور نئی پارلیمنٹ کا انتخاب دو ماہ میں مکمل ہو جائے گا۔

مشتاق اور آصف کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے
جنرل اظہر

کراچی ۔۔۔ (پی پی آئی) آصف اقبال کے جانشین کو پاکستان کرکٹ ٹیم کا کپتان نامزد کیا جائے گا یہ بات بی سی سی پی ایڈہاک کمیٹی کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) کے ایم اظہر نے آج پی پی آئی کو ایک خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی اخبارات میں آصف اقبال اور مشتاق محمد کے درمیان مصنوعی اختلافات کی کافی تشہیر کی گئی ہے لیکن انہوں نے کہا کہ مشتاق محمد اور آصف اقبال دونوں ذاتی طور پر ان تمام اختلافات کی تردید کی۔ ان دونوں نے کہا کہ بی سی سی پی پاکستان کرکٹ ٹیم کا کپتان نامزد کرنے کا پورا اختیار رکھتی ہے اور وہ کسی بھی کھلاڑی کی کپتانی میں کھیلنے کو تیار ہیں۔ جنرل اظہر نے واضح طور پر کہا کہ کپتان کا انتخاب صرف اہلیت کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹیم میں شمولیت پر غور کیا جائے گا۔ جنرل اظہر نے کہا کہ ٹیم کے کپتان کے نام کا اعلان ٹیم کے انتخاب کے بعد کیا جائے گا۔

ایس اے پاشا کو ارجنٹائن میں سفیر مقرر کر دیا گیا


اسلام آباد ۔۔۔ (سرکاری اعلان) حکومت پاکستان نے جناب ایس اے پاشا کو ارجنٹائن میں پاکستان کا سفیر مقرر کر دیا۔ دفتر خارجہ کے ایک ترجمان کے مطابق مسٹر پاشا دفتر خارجہ اسلام آباد میں ایڈیشنل سیکرٹری مقرر ہونے سے قبل بیرون ملک پاکستان کے سفیر تھے۔

فوجی عدالتوں میں زیر سماعت مقدمات کے سلسلے میں ہائی کورٹ سمیت کسی عدالت سے رجوع نہیں کیا جاسکے گا

صدر کسی بھی مقدمے کو سماعت کے لیے فوجی عدالت یا ٹریبونل میں منتقل کر سکیں گے

آئین میں دوسری ترمیم کے ذریعے آرٹیکل ۲۱۲ ۔ الف کا اضافہ کر دیا گیا

راولپنڈی ۔۔۔ (اپ پ) صدر اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے آج آئین کا دوسرا ترمیمی حکم مجریہ ۱۹۷۹ء جاری کر کے آئین کے آرٹیکل ۲۱۲ میں ایک نئے آرٹیکل ۲۱۲۔ الف کا اضافہ کر دیا ہے اس نئے آرٹیکل کے تحت چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کو اس امر کا اختیار دے دیا گیا ہے کہ وہ مارشل لاء کے ضابطوں، احکام یا کسی دوسرے حکم بشمول خصوصی قانون جو مارشل لاء حکم کے تحت عارضی طور پر نافذ العمل ہو کے تحت قابل سزا جرائم کی سماعت کے لیے ایک یا ایک سے زیادہ فوجی عدالتیں یا ٹریبونل قائم کر سکتے ہیں نیز وہ ایسی عدالتوں یا ٹریبونلوں میں سماعت کے لیے مقدمات منتقل کر سکتے ہیں آئین میں ترمیم کا یہ حکم صدر نے چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے حکم اول مجریہ ۱۹۷۷ء کے تحت جاری کیا ہے اس ترمیم کے تحت صدر کو یہ اختیار بھی دے دیا گیا ہے کہ وہ مذکورہ فوجی عدالتوں یا ٹریبونلوں کے دائرہ اختیار کا تعین کر سکتے ہیں نیز کوئی عدالت بشمول ہائی کورٹ ان فوجی عدالتوں یا ٹریبونلوں میں زیر سماعت یا فیصلہ شدہ مقدمات کے بارے میں کسی درخواست کی سماعت نہیں کر سکتی نہ کوئی حکم جاری کر سکتی ہے



لاہور میں صحافت اخبار کے دفتر کو سربمہر کر دیا گیا



افغان مہاجرین کیلئے عطیات کی اپیل

راولپنڈی ۔ اکتوبر (پی پی آئی) پاکستان ہلال احمر نے پاکستان کے عوام خصوصاً خوشحال افراد سے اپیل کی ہے کہ سوسائٹی کو افغان مہاجرین کے لیے اپنی خدمات جاری رکھنے کے سلسلے میں نقد عطیات دیں۔ سوسائٹی کے ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ شمالی اور شمال مغربی علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر جانے سے تیزی سے بڑھتی ہوئی سردی کے پیش نظر خیموں، کمبلوں، گرم کپڑوں اور خوراک کی ضرورت ہے۔ قومی ہلال احمر سوسائٹی نقد عطیات کی شکل میں ان کے لئے امداد فراہم کر رہی ہے حکومت بھی افغان مہاجرین کی بہبود کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ یہ مہاجرین بڑی تعداد میں پاکستان پہنچ رہے ہیں۔ دو لاکھ سے زیادہ پہلے ہی پہنچ چکے ہیں جن کو صوبہ سرحد اور بلوچستان میں واقع مختلف کیمپوں میں رکھا گیا ہے۔

شمیم واسطی کو گرفتار کر لیا گیا

حیدر آباد ۔۔۔ نمائندہ جسارت ۔ پاکستان ورکرز پارٹی کے سابق رہنما شمیم واسطی کو آج یہاں گرفتار کر لیا گیا۔

صدر کی تقریر کے اہم نکات

- عام انتخابات غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کر دیئے گئے ہیں۔
- سیاسی جماعتیں کالعدم قرار دے دی گئی ہیں اور سیاسی سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔
- سیاسی جماعتوں کے دفاتر سربمہر اور ان کے اکاؤنٹس منجمد کر دیئے گئے ہیں۔
- وہ اخبارات جو ملک دشمن سرگرمیوں میں مصروف تھے اور زہر پھیلا رہے تھے ان کو بند کر دیا گیا ہے اور باقی اخبارات پر سنسر لگا دیا گیا ہے۔
- دفاقی کابینہ میں عنقریب رد و بدل کیا جائے گا۔
- قانون کی عملداری سختی سے قائم کی جائے گی اور ڈپٹی کمشنروں، سپرنٹنڈنٹوں اور تھانیداروں کو ان کے متعلقہ علاقوں میں جرائم کا ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔
- اشیاء صرف کی قیمتوں کو معقول سطح پر رکھنے اور ضروریات زندگی کی فراہمی کو باقاعدہ بنانے کے لئے ہر ضلع میں سیل قائم کئے جائیں گے۔
- اس بات کا فیصلہ مارشل لاء حکام کریں گے کہ کون سے مقدمے کی سماعت فوجی عدالتوں میں کی جائے اور کن مقدمات کی سماعت سول عدالتیں کریں۔
- مارشل لاء عدالتوں کے کسی فیصلے کو سول عدالتوں میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔
- مارشل لاء کے تحت قائم کی گئی عدالتیں مقدمات جلد از جلد نمٹائیں گی اور سخت سے سخت سزائیں دیں گی۔
- طویل المیعاد منصوبہ بندی کے تحت جن صنعتوں میں تمام کی جائے گی بنیادی صنعتیں اور جن میں نجی شعبہ سرمایہ کاری نہیں کر رہا ہو سرکاری شعبے میں لگائی جائیں گی۔
- قومیائی گئی صنعتوں کو دوبارہ نجی شعبے میں دینے کا فیصلہ ہر صنعت کا الگ الگ جائزہ لے کر کیا جائے گا۔
- ہڑتال اور تالہ بندی کے اختیارات واپس لے لئے گئے ہیں البتہ سہ فریقی ادارے کے ذریعے انصاف طلبی کا حق بحال رہے گا۔
- لیبر کمیشن کی رپورٹ حکومت کو پیش کر دی گئی ہے اور اس پر جلد ہی فیصلہ کر لیا جائے گا۔
- تعلیمی اداروں کو صحیح طور پر تعلیمی ادارے بنا دیا جائے گا اور اس مقصد کے لیے ان اداروں میں ہر قسم کی سیاست بازی کی ممانعت ہوگی۔
- بلدیاتی اداروں کو سرکاری امداد دی جائے گی۔
- نظام اسلام کے نفاذ کا کام تیز تر کر دیا جائے گا۔

پی آئی اے کے اخراجات میں ۳ کروڑ روپے کی بچت کی منظوری دے دی گئی

مسافروں کے کھانے اور دیگر اخراجات میں ۱۰ فیصد کمی۔ افسران کے فرنیچر کے اخراجات پر توجہ نہیں دی گئی

کراچی ۔۔۔ چیف رپورٹر ظہور احمد نیازی) پی آئی اے کے چیئرمین جناب انور جمال نے ۸۰۔۱۹۷۹ء کے لئے پی آئی اے کے اخراجات میں ۳ کروڑ روپے کی بچت کی منظوری دے دی ہے۔ یہ اقدام صدر جنرل محمد ضیاء الحق کی اس ہدایت کی روشنی میں کیا گیا ہے کہ سرکاری اداروں کے اخراجات میں بیس فیصد کمی کی جائے چنانچہ پی آئی اے کے اخراجات کا نظر ثانی شدہ تخمینہ ۵۲ کروڑ روپے سے گھٹ کر اب ۴۹ کروڑ روپے رہ گیا ہے پی آئی اے کی انتظامیہ نے بڑھتی ہوئی قیمتوں والے ایندھن کے استعمال اور افراط زر کے دباؤ اور ہر شعبہ میں اخراجات کم کرنے کے لئے خصوصی بچت کمیٹیاں تشکیل دی تھیں جو ہر قسم کی فضول خرچی کو روکنے کے لئے اقدامات تجویز کریں گی۔ تیس کروڑ روپے کی بچت کی خاطر چیئرمین نے تمام شعبوں کے بجٹ میں کمی کر دی ہے۔ ڈائریکٹر فنانس جناب ارشد محمود نے تمام شعبہ جات کے سربراہوں سے درخواست کی ہے کہ وہ اخراجات میں کمی کی ہدایت پر پوری طرح عمل کریں اور اس سلسلے میں اگر کوئی دشواری محسوس ہو تو چیئرمین سے رابطہ قائم کیا جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ ایک رپورٹ کی روشنی میں اخراجات میں کمی تجویز کی گئی ہے اور مزید تفصیلی رپورٹ بعد میں تیار کی جائے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ ایندھن کے خرچ میں کمی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ فیول مینجمنٹ سیل کے مطابق ایندھن پر اخراجات کا تخمینہ ایک کروڑ ۲۵ لاکھ روپے ہی رہے گا۔ اس طرح ۱۲ فیصد کی بچت ہوگی۔ اس کے علاوہ مسافروں کی فراہم کی جانے والی اشیاء، مسافروں کے کھانے، انجن کے سامان، تربیت، سٹیشنری، پرنٹنگ، عمارتوں کی دیکھ بھال، کتابوں، میگزین اور اخبارات، ٹیلی پرنٹر، ٹیکنیکل پروفیشنل تعاون، اور اسپورٹس فنڈز میں ۱۰ فیصد کمی کی جائے گی۔ اس کے علاوہ موجودہ سال کے اختتام تک پی آئی اے میں مندرجہ ذیل شعبوں کے علاوہ تمام شعبوں پر نئی بھرتی بند رہے گی البتہ پائلٹ، فلائٹ انجینئر، انجینئر، ٹیکنیشن، کلینر، اسٹور کے اسپیشل سیکشن، کیبن کرو، ٹریفک اور ایم پی کی حسب ضرورت بھرتی جاری رہے گی۔ اس کے علاوہ یہ تجویز کیا ہے کہ سی ایف ۶ انجنوں اور ای سی ۔ ایل طیاروں کے آلات کی کراچی میں اوورہالنگ میں دس فیصد بچت ہوگی۔ اس سال چونکہ نئے طیاروں کے حصول کے امکانات کم ہیں لہذا انجنوں کی ٹرانسپورٹیشن کے اخراجات میں بھی بچت ہوگی۔ چیئرمین نے ہدایت کی ہے کہ ریسرچ کے شعبہ کے اخراجات کم سے کم ہوں۔ واضح رہے کہ گذشتہ سال اس شعبہ میں ۲۶ لاکھ روپے خرچ ہوئے تھے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ بچت کمیٹیوں نے اس بات کو نظر انداز کر دیا ہے کہ افسروں کے گھروں میں فرنیچر کی فراہمی کے اخراجات میں کمی کی جاسکتی ہے۔ ایک ایک افسر کے گھر کے فرنیچر کے اخراجات ۲۵ ہزار سے ۴۰ ہزار تک ہوتے ہیں اسی طرح افسروں اور عملے کے غیر ملکی دوروں، سرکاری کاروں کے استعمال پر کڑی نظر رکھ کر کافی بچت کی جاسکتی ہے۔

دنیا کے مختلف حصوں میں مساجد کی تعمیر اور دینی مراکز کیلئے امداد

رابطہ عالم اسلامی کی طرف سے عطیات کے پروگرام

مکہ المکرمہ ۔۔۔ (رپیپ) رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل نے دنیا کے مختلف حصوں میں مساجد کی تعمیر اور اسلامی مراکز کے لیے سعودی عرب کی حکومت کی طرف سے متعدد مالی امدادات اور پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ اس ضمن میں ۰۰۰ ۳۶۳ سعودی ریال کی رقم سے [illegible] میں مسلم نوجوانوں کے اجتماعات اور مسلم طلبہ کی تعلیم کے لیے ایک مرکز خریدا جا رہا ہے علاوہ ازیں [illegible] کی دارالسلام سوسائٹی کے لیے مسجد اور سکول کے لیے ۰۰۰ ۳۴۴ سعودی ریال کا عطیہ دیا گیا۔ اس سوسائٹی کے لیے متعدد دینی کتب بھی فراہم کی گئی ہیں۔ نیپال میں مساجد کی تعمیر و مرمت، میڈیکل سنٹر اور چار سکولوں کے قیام کے لیے ۰۰۰ ۱۴۸ سعودی ریال کے عطیات دیئے گئے۔

ملک میں اسلام کا شورائی نظام نافذ کیا جائیگا

میرے ذہن میں اس نظام کا خاکہ موجود ہے: اپنے ساتھیوں سے مشورہ کر رہا ہوں، عنقریب اہل علم سے تبادلہ خیال کرونگا، اخبارات اور رائے عامہ کے دیگر ذرائع کو بھی اظہار خیال کی دعوت دیجائیگی


نئے نظام پر عوام سے ریفرنڈم کرایا جائے گا

سیاسی جماعتوں کو مہلت دی گئی لیکن تحریک استقلال کے سوا کسی نے انتخابات کی تیاری نہیں کی

مفتی محمود سے ۲۵ ستمبر کی ملاقات میں اندازہ ہو گیا کہ وہ انتخابات کیلئے تیار نہیں

عوام نے گہرے اطمینان کا سانس لیا ہے

[illegible]



عام انتخابات غیر معینہ عرصے کے لئے ملتوی

تمام سیاسی پارٹیاں کالعدم کر دی گئیں

سیاسی جماعتوں کے دفاتر سربمہر اور حسابات منجمد کر دیئے گئے

اب مارشل لاء پر صحیح معنوں میں عمل ہوگا

سماج دشمن عناصر کو اب فوری طور پر سزائیں دی جا سکیں گی

حالات کی اصلاح اور سیاسی پارٹیوں کے طرز عمل کے پیش نظر سخت اقدامات ضروری ہو گئے تھے

اقدامات کو قانونی شکل دینے کے لیے ضروری ضابطے اور احکامات نافذ کر دیئے گئے، صدر کی نشری تقریر

راولپنڈی ـــــ (اے پی پی) صدر جنرل ضیاء الحق نے اعلان کیا ہے کہ موجودہ غیر یقینی صورت حال میں انتخابات غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دیئے گئے ہیں ہر قسم کی سیاسی سرگرمیوں پر پابندی لگا دی گئی ہے تمام سیاسی پارٹیوں کو کالعدم کر دیا گیا ہے۔ ان کے دفاتر سربمہر کر دیئے گئے ہیں اور فنڈز منجمد کر دیئے گئے ہیں۔ سیاسی نوعیت کے تمام جلسے جلوسوں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے اور ایسے اخبارات و رسائل جو ملک دشمن مواد چھاپتے ہیں اور عوام کے ذہنوں کو زہر آلود کرتے ہیں فوری طور پر بند کر دیئے گئے ہیں۔

اخبارات اور ابلاغ عامہ کے ذرائع پر سنسر شپ عائد کر دیا گیا ہے۔ اور مارشل لاء کو ۵ جولائی ۱۹۷۷ء کے مقاصد کی تکمیل کے لیے حقیقی معنوں میں نافذ کیا جا رہا ہے۔ وفاقی کابینہ میں رد و بدل کر دیا گیا۔ اور صورت حال کی اصلاح کے لیے مارشل لاء کے ضابطے اور احکامات جاری کئے جا رہے ہیں۔ صدر نے یہ اعلان آج شام قوم کے نام اپنے نشری خطاب میں کیا۔

صدر نے اپنی تقریر شروع کرتے ہوئے کہا کہ عام طور پر سیاست کی یہ روایت ہوتی ہے کہ حکمران پارٹی خود انتخابات کی تیاری کرتی رہتی ہے اور اپنے پروگرام کو صیغہ راز میں رکھتی ہے لیکن چونکہ ہمارے ایسے کوئی عزائم نہ تھے اس لیے میں نے آٹھ ماہ پہلے ہی عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان کر دیا تاکہ عام انتخابات کی تیاری کے لیے سیاسی پارٹیوں کو بھرپور وقت مل سکے۔ اور وہ یہ گلہ نہ کر سکیں کہ ہمیں مناسب وقت نہیں [illegible] میں نے اس تمام عرصے میں چار دیواری کے اندر سیاسی سرگرمیوں کی اجازت دے دی اور اس کے ساتھ ساتھ اس بات پر زور دیتا رہا کہ ملک میں ایک مضبوط [illegible] اسلامی جمہوری حکومت قائم ہونی چاہیے جو الیکشن کرانے والی ہیں اس کے نتائج مثبت ہونے چاہئیں۔ [illegible] انتخابات پر [illegible] انتخابات نہ ہوں اور اس کے نتیجے میں عوام [illegible] ایک ایسی حکومت مل جائے جو کم از کم کچھ عرصے کے لیے ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکے۔ اس مقصد کے لیے میں نے کئی اقدامات کیے ایک متناسب نمائندگی کا اصول اور دوسرا سیاسی پارٹیوں کے قانون میں ترمیم تھا۔

متناسب نمائندگی کا اصول کوئی نیا نہ تھا۔ نہ صرف کئی ملکوں میں یہ رائج ہے بلکہ خود ہماری کئی پارٹیوں کے منشور میں بھی شامل [illegible] چند سیاسی رہنماؤں اور دانشوروں نے [illegible] مفید قرار دیا لیکن یہ مشورہ دیا کہ اگر اسے اپنانا ہے تو پوری طرح اپنایا جائے [illegible] میں نے یہ بات مان لی۔ بعد میں یہ [illegible] امیدواروں کے لیے کم از کم پچاس فیصد ووٹ [illegible] دیا جائے تاکہ آزاد امیدواروں کی حوصلہ شکنی ہو۔ یہ بات معقول تھی چنانچہ میں نے یہ بھی اعلان کیا۔

دوسرا اقدام سیاسی پارٹیوں کے ایکٹ میں ترمیم تھا۔ یہ قانون [illegible] برس پہلے نافذ کیا گیا تھا۔ وقت کا تقاضا تھا کہ ماضی کے تجربوں کی روشنی میں اس قانون کو وقت کے مطابق بنایا جائے چنانچہ میں نے اس میں ترامیم کیں۔ ہمارے اس اقدام کو بھی سراہا گیا اور اہم قرار دیا گیا۔

اکثر سیاسی پارٹیوں نے بروقت انتخابات کرانے کی [illegible] ان کا تازہ ترین بہانہ یہ ہے کہ انہیں کاغذات نامزدگی داخل کرانے کے لئے مزید وقت دیا جائے [illegible] شاید میں ان کے مطالبات منظور کر لیتا لیکن ایسا نہیں ہے اور سیاسی جماعتوں کا یہ حال ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں سے پہلو تہی کر رہی ہیں۔ ہم نے مارشل لاء کے باوجود روایتی عدالتی [illegible] اپنائے رکھا۔ آپ جانتے ہیں کہ ہمارا نظام ایسا ہے کہ انصاف کے حصول میں طویل عرصہ لگ جاتا ہے۔ اب تک یہ ہوتا رہا ہے کہ اگر فوجی عدالتوں نے کوئی فیصلہ کیا تو [illegible] سول عدالتوں میں چیلنج کر کے بے اثر بنا دیا گیا۔

صدر پاکستان نے کہا کہ دنیا کے تمام ممالک میں اجتماعی بہبود کے ادارے خواہ وہ کسی شعبے سے تعلق رکھتے ہوں کسی نہ کسی قانون کے پابند ہوتے ہیں [illegible] رجسٹریشن کے قانون کو بعض سیاسی پارٹیوں نے تنقید کا نشانہ بنایا ان کا اعتراض تھا کہ رجسٹریشن [illegible] حساب کتاب دینا بھی ضروری نہیں ہے [illegible] پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کی شق [illegible] اس کی وضاحت موجود ہے کہ سب سیاسی پارٹیوں کو اپنا حساب کتاب دینا ہوگا [illegible] تعجب کی بات ہے کہ ملک کا حساب کتاب بجٹ کی صورت [illegible] سامنے [illegible] لیکن سیاسی پارٹیاں اپنا حساب کتاب دینے سے گریز کریں کیا یہ اخلاقی جرم نہیں کہ سیاسی پارٹیاں عام انتخابات کا تو مطالبہ کریں لیکن وہ اپنا [illegible] سیاسی پارٹیوں کو [illegible] رجسٹریشن [illegible] یہ محسوس کرتے ہوئے کہ اگر ۱۷ نومبر کو انتخابات کرائے گئے تو اس کے مثبت نتائج برآمد نہیں ہوں گے۔ ان سیاسی پارٹیوں کو [illegible] پریس نوٹ جاری کیا جس میں ۹ اکتوبر اور ۱۲ اکتوبر کا وقت دیا گیا۔ عام انتخابات کرانے کے بارے میں [illegible] کہ یہ ۱۷ نومبر [illegible] ہوں گے۔ لیکن بعض سیاسی پارٹیوں نے [illegible] تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا اعتراض تھا کہ رجسٹریشن [illegible] اور حساب کتاب دینا بھی ضروری نہیں ہے

پی این اے نے کہا [illegible] انتخابات ہمیں قابل قبول نہیں [illegible] چند پارٹیوں نے یہ تقاضے پورے کر دیئے افسوس کا مقام ہے [illegible] کاغذات نامزدگی داخل نہ کرانے [illegible] پارٹیوں [illegible] نے ان پابندیوں کو قبول [illegible] ان کی مساعی کی تعریف کرتا ہوں [illegible] صورت حال یہ ہے کہ بیشتر سیاسی پارٹیاں انتخابات میں [illegible] اور انتخابات کے التوا کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر ڈالنا چاہتی ہیں

امریکہ پاکستان کو مطلوبہ اسلحہ فراہم کرنے اور قرضوں کی ادائیگی کا نیا پروگرام مرتب کیا جائے گا ۔ آغا شاہی

پاک امریکی مذاکرات سے کشیدگی کم ہوئی ہے ایٹمی پروگرام پر اختلافات باقی ہیں

دو روزہ مذاکرات ختم ہوگئے ۔ پاکستانی وزیر نے بات چیت مفید رہی ہے کہ ہم نے حقائق جاننے کی کوشش کی ہے ۔ سائرس وانس

اسلحہ کی فروخت کیلئے کانگریس کی منظوری میں دشواری ہوگی

امریکہ نے ایٹمی پروگرام پر مزید مذاکرات کی خواہش ظاہر کی ہے


[illegible]

اسلام کیساتھ وابستگی کے عہد سے انحراف نے ہمیں سخت نقصان پہنچایا ہے ۔ صدر ضیا

قوم کو ذاتی مفادات سے بلند رکھ کر فرائض انجام دیجئے

ہمیں اسلام سے وابستگی کے عہد پر ڈٹے رہنا چاہیے ۔ قائد ملت نے ولولہ انگیز مثال پیش کی ہے

راولپنڈی [illegible]



بھٹو خون کے سرطان کے موذی مرض میں مبتلا تھے

تختہ دار پر نہ لٹکایا جاتا تو بھی مزید چند ماہ ہی زندہ رہ سکتے تھے

کراچی [illegible]

پیشہ ور سمگلر بہاری خاندانوں کو بھاری معاوضہ لیکر پاکستان سمگل کر رہے ہیں

سرحد پار سے آنے والے بہاریوں کی نوجوان لڑکیوں کو راستہ میں ہی اغوا کر لیا جاتا ہے

فیصل آباد [illegible]

ملک کو سیاسی بحران سے نکالنے کیلئے صدر مملکت کے چند اہم اقدامات

[illegible]

افغان مہاجرین کی تعداد ۲ لاکھ ۲ ہزار تک پہنچ گئی

[illegible]

کریسنٹ
ٹورانٹو کنیڈا
ہیرو روزہ انٹرنیشنل

اسلامی اقدار و بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان — شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد ۸ | ۳ ذوالحج ۱۳۹۹ھ | ۲ نومبر ۱۹۷۹ء | شمارہ: ۱۶

عید الاضحی

کائناتِ انسانی پر حضرت ابراہیمؑ کا احسانِ عظیم

از: مولانا قاضی عنایت اللہ وارثیؒ

> اللہ کو قربانی کے گوشت اور خون کے بجائے تقویٰ پہنچتا ہے

ماضی کے واقعات ہی کو سامنے رکھ کر زیادہ تر مستقبل کے لیے کوئی لائحہ عمل تجویز کر سکتے ہیں۔ ...

ہم سے پہلے بھی صحیح راہ پر چلنے والے خوش بخت لوگ، خدا کی رحمتوں، نوازشوں اور بخششوں کے مستحق قرار پائے ...

[illegible]

"اللہ کو قربانی کا گوشت اور خون ہرگز نہیں پہنچتا، لیکن تمہاری طرف سے تقویٰ پہنچتا ہے۔"

نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کی طرح قربانی بھی دین کے احکام اور ارکان میں سے ایک بہت بڑا رکن اور بنیادی حکم ہے ...

[illegible]

قربانی کا فلسفہ نہ صرف بلند پایہ عمل ہے ...

[illegible]

